★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Email:dailyquwat786@gmail.com Www.dailyquwat.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 21 شعبان المعظم 1446ھ، 20 فروری 2025ء، 8 پھاگن 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 119

بارکھان، مسلح افراد نے شناختی کارڈ دیکھ کر پنجاب کے 7 مسافروں کو بس سے اتار کر قتل کر دیا

صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیرداخلہ محسن نقوی اور دیگر کی شدید مذمت، دہشتگرد عناصر امن اور انسانیت کے دشمن ہیں اور بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، صدر مملکت

مسافر بس کو بارکھان کی تحصیل رکھنی میں ڈیرہ غازی خان سے ملانے والی شاہراہ پر نشانہ بنایا گیا، نہتے شہریوں کو نقصان پہنچانے والوں کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی، وزیراعظم 7 مسافروں کا بہیمانہ قتل قابل مذمت ہے، سرفراز بگٹی

بارکھان (این این آئی) بلوچستان کے علاقے بارکھان میں کوئٹہ سے فیصل آباد جانے والی مسافر بس سے 7 مسافروں کو اتار کر قتل کر دیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیرداخلہ محسن نقوی اور دیگر نے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگرد عناصر امن اور انسانیت کے دشمن ہیں اور بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



ڈیرہ غازی خان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد رڑکن سانحہ کے جسد خاکی وصول کر رہے ہیں

ٹرمپ انتظامیہ کا مشترکہ مقاصد کیلئے پاکستان کے ساتھ مل کر چلنے کا اعلان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر چلنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ذرائع کی رپورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی چینی ہم منصب سے نیویارک میں ملاقات

سی پیک کے پلیٹ فارم پر تعاون وسیع کرنے کا عزم، تعلق کو نئی بلندیوں پر پہنچائیں گے، اسحاق ڈار

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے چینی ہم منصب وانگ یی سے نیویارک میں ملاقات کی ہے جس میں دو طرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی امور پر بات چیت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے سی پیک کے دوسرے فیز سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور سی پیک کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

سینیٹ کمیٹی برائے خزانہ سے انکم ٹیکس ترمیمی بل 2025 کی منظوری دے دی گئی

سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں بینکوں پر ایڈوانس ٹو ڈیپازٹ ریشو کے معاملے پر بریفنگ دی گئی

بینکوں کے منافع پر ٹیکس کی شرح کو 42 فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ بینکوں کی آمدن پر سپر ٹیکس اس کے علاوہ ہوگا: وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے انکم ٹیکس ترمیمی بل 2025 کی منظوری دے دی۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں بینکوں پر ایڈوانس ٹو ڈیپازٹ ریشو کے معاملے پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے بتایا کہ بینکوں کے منافع پر ٹیکس کی شرح کو 42 فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ چیئرمین ایف بی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مریم نواز عوام کے سامنے اپنی کارکردگی پیش کرنے والی پہلی وزیراعلیٰ ہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز سے متعلق ایک جماعت اور اسکے لوگ مسلسل مغلظات بک رہے ہیں، پنجاب کے عوام نے مریم نواز کی کارکردگی پر اطمینان کی مہر لگائی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

پہلے بانی پی ٹی آئی مریم نواز کے بارے میں اخلاقیات سے گری ہوئی گفتگو کرتا تھا، اب یہ کام علی امین گنڈاپور اور بیرسٹر سیف نے بھی شروع کر دیا ہے

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز ایک سال بعد عوام کے سامنے اپنی کارکردگی پیش کرنے والی پہلی وزیراعلیٰ ہیں اور پنجاب کے عوام نے مریم نواز کی کارکردگی پر اطمینان کی مہر لگائی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مریم نواز سے متعلق ایک جماعت اور اسکے لوگ مسلسل مغلظات بک رہے ہیں، پہلے بانی پی ٹی آئی مریم نواز کے بارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معاشی استحکام ٹیم کی کاوشوں کی بدولت ممکن ہوا: وزیراعظم

قیمتوں میں استحکام سے پیداوار میں اضافہ ہو رہا ہے، حکومتی معاشی ٹیم نے تمام اندازوں اور تجزیوں کو غلط ثابت کیا، ملکی صنعت کا پہیہ چل پڑا ہے، برامدات میں اضافہ ثبوت ہے

ملک میں گرین ڈیٹا سینٹرز کے قیام کیلئے کوشاں ہیں، آئی ٹی برآمدات اور فری لانسرز کی تعداد میں اضافے کے لیے کوشاں ہیں، وزیراعظم کی زیر صدارت اقتصادی مشاورتی کونسل کا اجلاس، خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل کرنسی ریگولیٹ کرنے سے متعلق مشاورت جاری ہے، ملک میں گرین ڈیٹا سینٹرز کے قیام، آئی ٹی برآمدات اور فری لانسرز کی تعداد میں اضافے کے لیے کوشاں ہیں۔ اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



کراچی: صدر آصف علی زرداری، آصفہ بھٹو زرداری کے ہمراہ نیشنل اسٹیڈیم میں تشریف لا رہے ہیں

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی۔II کا اجلاس پنجاب اسمبلی میں منعقد ہوا

کمیٹی کا پی این ڈی بورڈ میں خلاف قواعد کنسلٹینٹ کی بھرتی پر برہمی کا اظہار

کمیٹی نے ٹیوٹا کی جانب سے سال اور 202 کے سالانہ مالی حسابات کی تیاری میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کیا

لاہور (خبر نگار) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی۔II کا اجلاس پنجاب اسمبلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ٹیوٹا اور پی این ڈی بورڈ کے آڈٹ پیرے زیر بحث آئے اور کمیٹی کو آگاہ کیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

پاکستان میں ڈیجیٹل کرنسی کو ریگولیٹ کرنے پر مشاورت جاری ہے، وزیراعظم

مقامی صنعت کو اس قابل بنائیں گے کہ ہماری برآمدات بین الاقوامی مارکیٹ میں مقابلہ کر سکیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل کرنسی کو ریگولیٹ کرنے پر مشاورت جاری ہے۔ اقتصادی مشاورتی کونسل کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں ہوا، جس میں کونسل ارکان نے حکومتی پالیسیوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کی منظوری کے بغیر سی ای او ای ڈی بی کی مدت ملازمت میں توسیع کا انکشاف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کے اجلاس میں وزیراعظم کی منظوری کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پاکستان مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے: نائب وزیراعظم

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیریس نے عالمی امن و سلامتی کے قیام کے لیے امن مشن میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیریس سے ملاقات کی، جس میں سرحد پار دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے بحرین کونسل آف نمائندگان کے سپیکر ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کی اہلیہ سے ملاقات نہ کرانے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل عدالت طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی حکم کے باوجود (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا میو ہسپتال میں کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کا دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے میو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

سنیارٹی پر 5 ججز سے کوئی تنازع نہیں، ذرائع اسلام آباد ہائیکورٹ

ٹیکس کیسز نمٹانے کے لیے جسٹس بابر ستار اور جسٹس ثمن رفت امتیاز پر مشتمل ڈویژن بینچ قائم ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ سنیارٹی ایشو پر خط لکھنے والے پانچ ججز سے کوئی تنازع نہیں، یہ قانونی ایشو ہے جسے عدالت نے طے کرنا ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کا تمام فوکس کیسز جلد نمٹانے پر ہوگا۔ انہوں نے واضح ہدایات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

مذاکرات کیلئے کوئی بیک ڈور چینل استعمال نہیں کیا جا رہا، اسد قیصر

شیر افضل مروت کے معاملے پر پارٹی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھا جائے گا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے لیے کوئی بیک ڈور چینل استعمال نہیں کیا جا رہا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد: چیئرمین پی اے سی جنیدا کبر پارلیمنٹ ہاؤس میں کمیٹی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سویلینز ملٹری ٹرائل کیس میں سپریم کورٹ انڈر ٹرائل نہیں، جج

سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ کی درخواست کو میرا کیس نمبر الاٹ کر دیا گیا، اعتزاز احسن

آج عذیر بھنڈاری نے دلائل دینے تھے، بھنڈاری صاحب سے بات کر لی ہے، آج میں دلائل دوں گا: لطیف کھوسہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس امین الدین خان نے وکیل لطیف کھوسہ سے مکالمہ کرتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ اس کیس میں سپریم کورٹ انڈر ٹرائل نہیں ہے، عدالت نے آئین اور قانون کے مطابق فیصلہ کرنا ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ سماعت کر رہا ہے، اعتزاز احسن کے وکیل لطیف کھوسہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پیپلز پارٹی کے رہنما نواب یوسف تالپور انتقال کر گئے

نواب یوسف تالپر کے انتقال کی خبر میرے لیے باعثِ صدمہ ہے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی نواب یوسف تالپور انتقال کر گئے۔ نواب یوسف تالپور متعدد بار رکن قومی اسمبلی رہ چکے ہیں، وہ شہید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وزیراعظم کی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید ایک ورکشاپ کے دوران خطاب کر رہی ہیں

خاکیلئے کوئی مخلص نہیں باجوہ، مارشل لاء کی تیاری کر لی تھی، واوڈا

پی ٹی آئی میں غدار ہیں، مروت کیساتھ جو ہوا وہی گنڈاپور کیساتھ بھی ہوگا، عید کے بعد احتجاج نہیں ہوگا: سابق وفاقی وزیر

اسٹیبلشمنٹ کو پی ٹی آئی کی ضرورت نہیں یہ انہیں پی ٹی آئی کو کچھ چاہیے، پارٹی فنڈ میں خورد برد کر کے پارٹی رہنماؤں کے گھر چلتے ہیں

کراچی/ اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی مکمل کمپرومائزڈ ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کو پی ٹی آئی کی ضرورت نہیں یہ انہیں پی ٹی آئی کو کچھ چاہیے۔ پارٹی فنڈ میں خورد برد کر کے پارٹی رہنماؤں کے گھر چلتے ہیں۔ علیمہ خان کی چیٹ کے پی میں لوٹ مار کا بتا رہی ہے۔ میں پی ٹی آئی میں واپس نہیں جانا چاہتا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا پارٹی گراف گر گیا ہے، سب سمجھ گئے ہیں۔ فیل ازیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

پی ٹی آئی رہنما وہاب خان کی بیٹی کی شادی تقریب سیاسی اجتماع میں بدل گئی

رائے ونڈ (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما وہاب خان کی بیٹی کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا کی تبلیغی اجتماع گاہ میں تبلیغی اکابرین سے ملاقات

رائے ونڈ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے اسسٹنٹ کمشنر ذوہیب ممتاز کے ہمراہ تبلیغی اجتماع گاہ میں تبلیغی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ریاض میں روسی امریکی بات چیت، خلیجی اور عرب ممالک کی جانب سے خیر مقدم

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور روس کے درمیان بات چیت کا پہلا دور سعودی عرب دارالحکومت ریاض منعقد ہوا۔ میڈیا رپورٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مونس الٰہی کیخلاف منی لانڈرنگ کیس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے عدالت طلب

مونس الٰہی سمیت اشتہاری نو ملزمان کی جائیدادوں کو قرق کرنے کے دورانیے میں بھی توسیع

لاہور (این این آئی) اسپیشل سینٹرل عدالت لاہور نے ایف آئی اے منی لانڈرنگ کے مقدمے میں مونس الٰہی کی گرفتاری سے متعلق رپورٹ طلب کر لی۔ عدالت نے 20 فروری کو ایف آئی اے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو بھی طلب کر لیا جبکہ شریک ملزم محمد جبران کی گرفتاری پر بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



لاہور: جیلانی پارک میں ہارس اینڈ کیٹل شو کی مناسبت سے جاری پھولوں کی نمائش کے دوران فیملی سیلفی لے رہی ہے

لاہور، شہریوں کو بوگس چیک دینے والا اشتہاری ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) مغلپورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فنانشل کرائم کے 6 مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم وسیم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایت پر فنانشل کرائم کے اشتہاری ملزمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

ریاض ڈائیلاگ یوکرین جنگ کے خاتمے کی طرف پہلا قدم ہے، امریکی وزیر خارجہ

امریکہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی مشنز کو دوبارہ فعال کرے گا، مارکو روبیو کی گفتگو

ریاض (این این آئی) ریاض کے شمال مغرب میں واقع الدرعیہ پیلس میں امریکہ روس سربراہی اجلاس کے اختتام کے بعد امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے زور دے کر کہا ہے کہ امریکہ یوکرین جنگ کے خاتمے کے لیے ماسکو کے ساتھ تعاون کے لیے اعلیٰ سطح پر کام شروع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

لاہور ہائیکورٹ نے آوارہ کتوں کو مارنے کی اجازت دے دی

کتوں کو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی گائیڈ لائنز کے مطابق مارا جائے، عدالتی فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے آوارہ کتوں کو مارنے کی اجازت دیتے ہوئے تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے کہا کہ لاعلاج کتوں کو بہتر طریقے سے اور آرا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



ڈیرہ غازی خان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد رڑکن سانحہ کے شہید کا جسد خاکی وصول کر رہے ہیں

جرمنی، فرانس، برازیل سمیت 7 ممالک سے مزید 20 پاکستانی بے دخل

چار کو کراچی میں حراست میں لے کر انسدادِ انسانی اسمگلنگ سرکل منتقل کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) جرمنی، فرانس، کمبوڈیا اور برازیل سمیت مختلف 7 ملکوں سے مزید 20 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کر دیا گیا، جن میں سے 4 کو کراچی میں حراست میں لے کر انسدا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

وزیر پیٹرولیم کا قیمتوں میں کمی کیلئے آئل سیکٹر کو اوپن کرنے کا اعلان

ابتدائی طور پر پرائس کیپ کے ساتھ آئل سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کر رہے ہیں، مصدق ملک کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



لیہ: ڈپٹی کمشنر امیر ابیدا راون ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہی ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزم ارمغان کی میڈیکل رپورٹ، جسم پر سرخ نشانات

کراچی (این این آئی) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کی میڈیکل رپورٹ منظر عام پر آگئی ہے۔ رپورٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

حکمران عوام کو صحت و تعلیم کی سہولیات فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہو گئے ہیں، حافظ نعیم الرحمن

بلوچستان میں دہشت گردی کے پے در پے واقعات ہمارے دلوں کو دہلا رہے ہیں، ایسے واقعات سے ملک کی سلامتی پر بھی سنگین سوالات کھڑے ہوتے ہیں

گلگت بلتستان کے طلبہ کے لیے خصوصی اسکالرشپس اور گرانٹس کا اہتمام کیا جائے، امیر جماعت اسلامی کی گلگت بلتستان کے تعلیمی اور سماجی مسائل پر تفصیلی گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے گلگت بلتستان سے آئے ہوئے طلبہ نے منصورہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر گلگت بلتستان کے تعلیمی اور سماجی مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ناظم اسلامی جمعیت طلبہ گلگت شفیق الرحمن کی قیادت میں ملنے والے وفد نے امیر جماعت کو مسائل سے آگاہ کیا اور مطالبات پیش کیے۔ امیر جماعت نے طلبہ کے مطالبات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دیا مرحق دو۔ ڈیم بناؤ تحریک کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کا گلگت بلتستان سے آئے ہوئے طلبہ وفد سے منصورہ میں ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

یوٹیلیٹی سٹورز کے ڈیلی ویجز ملازمین کی برخاستگی قابل مذمت ہے، جے یو آئی

ہزاروں ڈیلی ویجز ملازمین جو کہ سالہا سال سے ملازمت کر رہے تھے انہیں فارغ کیا جانا ظلم ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

کراچی ایئرپورٹ سے مختلف ممالک جانیوالے 28 مسافر آف لوڈ

17 عمرہ زائرین کو اخراجات کیلئے مناسب رقم نہ ہونے پر پروازوں سے اتارا گیا

کراچی (این این آئی) جرمنی، ترکیہ، آذربائیجان، سعودی عرب سمیت 7 ممالک جانے والے 28 مسافروں کو گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران امیگریشن نے مختلف وجوہات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: چائنیز قونصل جنرل ژاؤ شیریں اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی چین کے نئے سال کی تقریبات کے سلسلے میں کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے الخوارئی	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786



ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن یو ای ٹی کے زیر اہتمام کشمیر ایشو اور بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری کے موضوع پر سیمینار کے موقع پر مشعال حسین ملک، وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر، ڈاکٹر تنویر قاسم، سین ملک ظفر اقبال، محمد آصف قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن یو ای ٹی کے زیر اہتمام کشمیر ایشو کے موضوع پر سیمینار

حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ اور پیس اینڈ کلچر آرگنائزیشن کی چیئر پرسن مشعال حسین ملک نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت

کشمیر میں اتنی ہی شہادتیں ہوئی ہیں۔ اس کو سامنے نہیں لایا جا سکا ہے۔ کیا کشمیریوں کی آواز اتنی کمزور ہے؟ مشعال حسین ملک

پاکستان میں ساری دہشت گردی کے پیچھے راء اور آر ایس ایس کا ہاتھ ہے: مشعال حسین ملک

دنیا کی کوئی طاقت انسانی عزم کو شکست نہیں دے سکتی: وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر

سیمینار سے ملک ظفر اقبال سندھو، سین ملک، ٹی ایس اے کے صدر ڈاکٹر شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم نے بھی خطاب کیا





لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کشمیر ایشو اور بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے کی۔ حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ اور پیس اینڈ کلچر آرگنائزیشن کی چیئر پرسن مشعال حسین ملک نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین سے زیادہ ظلم کشمیر میں ہو رہا ہے۔ دنیا میں عوام کی طاقت فلسطینیوں کے ساتھ ہے۔ کشمیر میں اتنی ہی شہادتیں ہوئی ہیں۔ اس کو سامنے نہیں لایا جا سکا ہے۔ پاکستان میں ساری دہشت گردی کے پیچھے راء اور آر ایس ایس کا ہاتھ ہے۔ 10 لاکھ فوج کا متعلہ راز نہ کشمیری کر رہے ہیں۔ کیا کشمیریوں کی آزادی کی آواز اتنی کمزور ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی ناکامی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ وہ آج تک بھارت کو کٹہرے میں کیوں نہ لا سکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کشمیر میں قیام امن فراہم کرو کو فوری طور پر رہا کیا جائے، میری والدہ و پیلی عورت ہے جس نے کشمیر کی جدوجہد اپنی جوانی دی، اپنی بیٹی رضیہ سلطانہ کو بھی اس تحریک کے لیے تیار کر رہے ہیں۔ بھارت ہمارے پانی پر ڈیم بنا رہا ہے۔ پاکستان میں کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا، اقوام متحدہ آج تک اسے کٹہرے میں نہیں لایا، شہداء کا خون ہماری آستین پر ہے۔ کشمیریوں کی قربانیوں کا احساس کرنا چاہئے، بھارت کشمیریوں پر مسلط ظالم حکمرانوں سے نجات دلائے۔ کشمیریوں کو کشمکش سے نکالنے کا کام سلامتی کونسل کا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 20 فروری 2025ء

ملک کی ترقی اور خوشحالی میں نوجوانوں کے کردار کو یقینی بنایا جائیگا: رانا مشہود احمد

ملک بھر میں نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے جامعہ سلفیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامعہ سلفیہ کی تقریب سے چیئرمین پرائم منسٹرز پروگرام رانا مشہود احمد خان نے خطاب کرتے کہا کہ نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ملک کی ترقی اور خوشحالی میں ان کے کردار کو یقینی بنایا جائیگا ملک بھر میں نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے جامعہ سلفیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا یوتھ پروگرام کے چیئرمین اور پرنسپل چوہدری یاسین ظفر کے درمیان تعمیری مکالمے نے سٹیج میں شراکت داری اور اقدامات کی امید افزا بنیاد رکھی اس موقع پر پرنسپل نے کہا کہ نوجوانوں کو معاشی ترقی میں شامل کرنے اور پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے تعاون فراہم کرنے میں کامیاب ہوں گے انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں اور ملک کو خوشحال بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے اجتماعی جدوجہد ضروری ہے، تاکہ پاکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جایا جا سکے نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ ہیں پاکستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار اہم ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو آئی ٹی سکلز اور دیگر فنی مہارتوں سے لیس کریں کے تقریب چیئرمین چوہدری کا شفنہ نواز رندھاوا، میاں ایوب صابر، حکیم عزیز الرحمن، حافظ شفیق کاشف بھی خطاب کیا۔

وفاقی انٹیلی جنس ادارے کی نشاندہی پر اسسٹنٹ کمشنر میاں توصیف حسن کے تحصیل بھر میں چھاپے 10 ہزار سے زائد بوری چینی برآمد

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) وفاقی انٹیلی جنس ادارے کی نشاندہی پر اسسٹنٹ کمشنر میاں توصیف حسن کے تحصیل بھر میں چھاپے 10 ہزار سے زائد بوری چینی برآمد قبضہ میں لے کر گودام سربمہر کر دیئے اس موقع پر سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن کا کہنا تھا کہ ذخیرہ اندوزی کسی صورت بھی قبول نہیں جو ذخیرہ اندوزہ اندوزی کرے گا اس کے خلاف سخت کاروائی کرتے ہوئے قانونی تقاضے پورے کئے جائیں گے چینی کی بھاری مقدار قبضہ میں لے کر گودام سربمہر کر دیا گیا ذخیرہ اندوزی کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی رعایت کسی صورت نہیں ہوگی انٹیلی جنس بیورو کی نشاندہی پر دو گوداموں سے بالترتیب 8500 بوری اور 2000 بوری چینی برآمد کی گئی ہے انٹیلی جنس اداروں کے تعاون سے مرید کے نارنگ راوی ریحان سمیت تحصیل بھر کے علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر چھاپے مارے جا رہے ہیں جو ذخیرہ اندوزی کرے گا قانونی کاروائی کے لئے تیار رہے۔

انچارج نادرا آفس احمد عمران گجر کی شیخوپورہ کے پیشہ وارانہ خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین

احمد عمران گجر کی کاوشوں سے قومی شناختی کارڈ کا حصول انتہائی آسان ہوگیا ہے جبکہ بزرگ افراد اور خواتین کے لئے خصوصی کاؤنٹر کام کئے گئے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شہر کی سیاسی سماجی و دینی شخصیات اور تاجر برادری نے انچارج نادرا آفس احمد عمران گجر کی شیخوپورہ کے پیشہ وارانہ خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے اور ان کی طرف سے شناختی کارڈ کے حصول کی خاطر شہریوں کی پیدا کی جانے والی آسانیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ احمد عمران گجر کی کاوشوں سے قومی شناختی کارڈ کا حصول انتہائی آسان ہوگیا ہے جبکہ بزرگ افراد اور خواتین کے لئے خصوصی کاؤنٹر کام کئے گئے ہیں جنہیں بغیر انتظار کے کوائف کی تکمیل کی سہولت میسر آئی ہے جسے جتنا سراہا جائے کم ہے، بڑھتے ہوئے عوام کے رش کو کنٹرول کرنے کی خاطر مطلوبہ تعداد متعین کرنا بھی ممکن ہے تاکہ شہریوں کو دن بھر دفتر کے باہر کھڑا نہ ہونا پڑے، انچارج نادرا آفس احمد عمران گجر کو خراج تحسین پیش کرنیوالوں میں مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین الحاج ملک محمد اسلم بلوچ، انجمن تاجران کی سپریم کونسل کے چیئرمین حاجی غلام نبی ورک، پی ٹی آئی کے سٹی صدر میاں افضال حیدر، جمعیت اہلحدیث کے صوبائی صدر حافظ محمد قیم شیخوپوری، کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر حماد رضا بٹ، نائب صدر چوہدری عدنان رندھاوا، مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما میاں محبوب احمد، چوہدری احسن رفیع گاڈی و دیگر شامل ہیں جنہوں نے احمد عمران گجر کو فرض شناس و ایماندار اور میرٹ کی بالادستی کا ضامن آفیسر قرار دیا ہے۔

سولہواں اجتماعی شادیاں پروگرام گزشتہ روز منعقد ہوا

شادیوں سے قبل ہی جہیز کا مکمل سامان بچیوں کے گھروں میں پہنچا دیا گیا تھا شہریوں نے اس کو خوب سراہا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سولہواں اجتماعی شادیاں پروگرام گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں ایک سو 15 مسلم بچیوں کو رخصت کیا گیا ادارہ مکہ ویلفیئر فاؤنڈیشن مرکز جنڈ وساہی اور آستانہ عالیہ الحرمین شریف گاگا کے زیر اہتمام 16 واں اجتماعی شادیاں پروگرام گزشتہ روز مقامی میرج ہال میں منعقد ہوا تقریب کے آرگنائزر حاجی رحمت ساہی تھے جبکہ مہمانان خصوصی چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ محمد افضل مینشاء، معروف سیاسی شخصیت سید نصور عباس، معروف سماجی شخصیت محمد سعید مغل، معروف مذہبی شخصیت حافظ عبدالغفار، پیر خلیل احمد بشیر قادری، سینئر صحافی امین رضا مغل، رانا وسیم اشرف، عرفان افضال، رانا ارشد علی و دیگر تھے بینڈ باجوں کے ساتھ دولہے باراتیں لے کر پہنچے باراتیوں نے فوٹ چھوارے اور بینڈ کی دھنوں پر بھنگڑے ڈالے مہمانان خصوصی نے آنے والے دولہوں اور باراتوں کا پرتپاک استقبال کیا ان پر پھول نچھاور کئے گئے باراتوں کی پرتکلف کھانوں سے تواضع کی گئی اس موقع پر ایک یحیی اور 15 مسلم حق بچیوں کو بغیر فوٹو سیشن عزت ووقار کے ساتھ دعاؤں میں رخصت کیا گیا یاد رہے کہ شادیوں سے قبل ہی جہیز کا مکمل سامان بچیوں کے گھروں میں پہنچا دیا گیا تھا شہریوں نے اس کو خوب سراہا

اجرت سے کم تنخواہ دینے والوں کے خلاف ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے کریک ڈاون جاری

ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر چائلڈ لیبر کے خاتمے اور مقررہ کردہ اجرت سے کم تنخواہ دینے والوں کے خلاف ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے کریک ڈاون جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں ماہ کے دوران چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے ضلع کے 78 مختلف مقامات پر چھاپے مارے گئے ہیں، بچوں سے مزدوری کروانے والے 06 افراد کے خلاف مقدمات بھی درج کروائے گئے ہیں جبکہ کم اجرت دینے والے 55 افراد کے کیسز کو عدالتوں میں بھجوایا جا چکا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے اسپیشلسٹز کو بڑھایا جائے اور بچوں سے مزدوری کروانے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں سے مزدوری کروانے والوں کو پابند سلاسل کیا جائے اور ان کے خلاف مضبوط کیسز بنا کر عدالتوں کو بھجوائے جائیں تاکہ ان کو زیادہ سے زیادہ سزا مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اجرت ہر مزدور تک پہنچائی جائے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ باونڈ لیبر کے خاتمے کے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔

مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوے کاغذی اور فرضی اعداد شمار ہیں: محمد نعمان صدیقی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ اور صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی نے کہا ہے کہ مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوے کاغذی اور فرضی اعداد شمار ہیں، قوم مزید مہنگائی اور ٹیکس برداشت نہیں کر سکتی، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے نمائشی نہیں حقیقی موثر اقدامات کئے جائیں، رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے، مہنگائی کا طوفان تھم نہ سکا سرکاری ریٹ لسٹیں بھی مذاق بن کر رہ گئیں، حکومت مہنگائی و بے روزگاری کے خاتمے کے عوام سے کئے گئے وعدے پورے کرے، حکومت مہنگائی میں کمی کے جھوٹے دعوے کرنے کی بجائے اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں پر کنٹرول کرکے عوام کو ریلیف دے، حکمران مشکل فیصلے ضرور کریں مگر عوام کی مشکلات میں اضافہ نہ، قوم پہلے ہی غربت و مہنگائی کے عذاب سے دوچار ہے۔

وزیر اعلی مریم نواز کا دورہ نارووال اربوں روپے کے میگا پراجیکٹس

2 ارب 9 کروڑ دو روڈ سیکٹرز منصوبوں کا افتتاح، نارووال میڈیکل کالج اور چلڈرن لرننگ پارک کا بھی سنگ بنیاد

ووٹ صرف ایک حق نہیں ہے بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے

الیکشن کمیشن آف پاکستان خواجہ سراؤں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے: شاہد اسلام



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) ووٹ صرف ایک حق نہیں ہے بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے جو ملک و قوم کے مستقبل کا فیصلہ کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد شاہد اسلام (ریجنل الیکشن کمشنر، گوجرانوالہ نے ٹرانسجینڈر کمیونٹی سے ووٹ کی اہمیت سے متعلقہ آگاہی پروگرام میں کیا۔ سرفراز حبیب (ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر گوجرانوالہ) نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان خواجہ سراؤں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ان کو معاشرے کا ایک اہم جز گردانتا ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان ووٹرز کی آسانی کیلئے وقتاً فوقتاً بے شمار اقدامات کرتا رہتا ہے تاکہ معاشرے کا ہر وہ فرد جس کی عمر اٹھارہ سال ہے اور وہ قومی شناختی کارڈ کا حامل ہے وہ اپنے ووٹ کے اندراج کو یقینی بنائے۔ ارسلان نواز ڈوگر (الیکشن آفیسر) نے بتایا کہ ووٹ کا اندراج اور آگاہی کسی بھی جمہوری معاشرے کی شہ رگ ہے۔ اور ووٹ کی اہمیت ان کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان پورے ملک میں ووٹ کی اگاہی کیلئے پروگرام منعقد کرواتا ہے تاکہ ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے۔ الیکشن کمیشن نے ضلع گوجرانوالہ میں بھی بے شمار اقدامات کیے ہیں جسکی وجہ سے ضلع بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ الیکشن کمیشن نے عوام الناس کی سہولت کے پیش نظر 8300 کی میسج سروس متعارف کرائی ہے تاکہ عوام ایک میسج کے ذریعے اپنے ووٹ کو شناختی کارڈ کے درست پتے کے مطابق چیک کر سکیں۔ اور اگر اس میں کوئی غلطی ہے تو فوراً اسے قریبی الیکشن کمیشن کے دفتر جا کر درست کروا سکیں۔ اور ووٹ کا درست استعمال کر کے ملک میں جمہوری عمل کو تقویت دیں۔

گیمبر ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سبزی اور فروٹ مافیا کے آگے بے بس

سبزی مافیا نے سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں پھینک کر اپنے اپنے ریٹ بنا کر شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سبزی اور فروٹ مافیا کے آگے بے بس گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں سبزی اور فروٹ مافیا نے خود ساختہ اضافہ کر کے شہریوں کو لوٹنا شروع کر دیا وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر قادر آباد نور شاہ یوسف والا اور اس کے گرد و نواح میں فروٹ اور سبزی مافیا بے لگام فروٹ اور سبزی مافیا نے سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں پھینک کر اپنے اپنے ریٹ بنا کر شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ناجائز منافع خوروں کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی تمام تر کارکردگی بس فوٹو سیشن تک محدود گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں بے لگام فروٹ اور سبزی مافیا کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ شہریوں کو سرکاری ریٹ پر سبزی اور فروٹ دستیاب ہو سکے۔

ڈپٹی چیف سول ڈیفنس سیالکوٹ امجد خان نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک

تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ باوردی دستہ نے سلامی پیش کی



سیالکوٹ (بیور وچیف) تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے ڈپٹی چیف وارڈن محمد امجد کی نماز جنازہ باوردی سول ڈیفنس ایگزیکٹوز، وانٹینرز اہلکاروں و مختلف مکاتب فکر کے سینکڑوں عمائدین شہر و سوگواران کی موجودگی میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد انکو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ تدفین کے بعد سول ڈیفنس سلامی دستہ نے چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی جانب سے قبر پر پھول چڑھائے اور باوردی اہلکاروں نے سلامی پیش کی۔ بسلسلہ علاج معالجہ چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور نے کراچی اسپتال سے خصوصی طور پر مرحوم کے اہل خانہ کیساتھ تعزیتی پیغام بزریعہ ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر پہنچایا۔

دھی رانی پروگرام کے تحت: پنجاب بھر کی طرح گوجرانوالہ ڈویژن کی 67 بچیوں کی شادیاں کروائی گئیں

پنجاب دھی رانی پروگرام کے لیے درخواستیں آن لائن جمع کرائی جا سکتی ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوجرانوالہ محمد نواز نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے دھی رانی پروگرام کے تحت صوبے کے غریب اور مستحق جوڑوں کی شادی کرانے کا بیڑا اٹھاتے ہوئے گزشتہ ماہ دھی رانی پنجاب پروگرام کا آغاز کیا تھا۔ اور فیز 1 میں 1500 غریب، نادار اور کم وسیلہ گھرانوں کی بچیوں کی شادیاں کروائیں پنجاب بھر کی طرح گوجرانوالہ ڈویژن کی 67 بچیوں کی شادیاں کروائی گئیں جس میں صوبائی وزراء ممبران اسمبلی کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور دیگر اکابرین نے شرکت کی۔ ان خیالات کا اظہار منور حسین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محترمہ مدیحہ نعمان باجوہ، صدر انجمن سماجی بہبود شیخ شہزاد قمر، سیکرٹری نشر و اشاعت سید مقصود حسین شاہ، سرپرست بشیر احمد، رانا وقار احمد خان، مفتی محمد شعبان قادری و دیگر عہدداران انجینیر عبدالجبار، انجینیر جاوید اقبال پروفیسر شفقت رضا، رانا محمد اعجاز شہزاد احمد، چوہدری محمد ہونس محمد شبیر، وحید الحق ہاشمی اور طالبات نے کثیر تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ انجمن سماجی بہبود کے زیر اہتمام دستکاری کی تربیت حاصل کرنے والی بچیوں کے اعزاز میں منعقدہ سالانہ تقریب تقسیم سلائی مشین اور سرٹیفکیٹس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن رانی پروگرام کا دوسرا مرحلہ کے تحت 1500 شادیوں کے لیے درخواستوں کی وصولی کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ پنجاب دھی رانی پروگرام کے لیے درخواستیں آن لائن جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ درخواستیں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کے ضلع آفس میں بھی جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ اس پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے 1312 ہیلپ لائن بھی قائم کر دی گئی ہے۔



ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح صفائی آپریشن کا جائزہ، مضافاتی علاقوں کا ہنگامی دورہ

فوری ان علاقوں میں صفائی بہتر بنانے، تمام کوڑا پوائنٹس کلیئر کرنے کی ہدایات جاری

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح صفائی آپریشن کا جائزہ لینے کیلئے شہر کی مختلف شاہراہوں اور مضافاتی علاقوں کا ہنگامی دورہ، انہوں نے پسرور روڈ، کچھر والی پل، جنڈیالہ باغ والا، تلونڈی موسی خان کا دورہ، صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت اظہار برہمی، ذمہ داران کیخلاف کاروائی کے احکامات جاری۔ فوری ان علاقوں میں صفائی بہتر بنانے، تمام کوڑا پوائنٹس کلیئر کرنے کی ہدایات جاری۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کا ستھرا پنجاب پروگرام شہروں اور دیہاتوں علاقوں کیلئے یکساں طور پر ہے۔ صفائی سروسز کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے دورہ کے موقع پر میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے ذمہ داران کو شہریوں کے تحفظ کیلئے آوارہ کتوں پر قابو پانے کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صفائی عملہ کے ساتھ تعاون کریں اور جگہ جگہ کوڑا کرکٹ پھینکنے کی بجائے مخصوص کوڑا پوائنٹس میں کوڑا پھینکیں یا صفائی عملی کے حوالے کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی ناقص انتظامات پر ضلعی انتظامیہ کے دیے گئے واٹس ایپ نمبر 03290644442 پر اپنی شکایات درج کروائیں تاکہ شہریوں کی درخواستوں کا ازالہ فوری طور پر کیا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے روڈ انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت سگنل فری کوریڈور (سٹی فلائی اوور، جی ٹی روڈ) کا دورہ کیا انہوں نے روڈ کی تعمیر کے لیے محکموں کی سروسز کی منتقلی کا جائزہ لیا اور محکمہ جات کی جانب سے سروسز منتقلی بارے اور سٹی فلائی اوور پر جاری تعمیراتی کام کے حوالے سے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے بریفنگ دی۔

وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی، سردار سلیم حیدر

بدقسمتی سے ہر پانچ سال بعد ملک معاشی بحران کا شکار ہو جاتا ہے اور ڈیفالٹ کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی، حکومت معاشی اشاریوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے اور اس میں بہتری بھی آئی ہے، بدقسمتی سے ہر پانچ سال بعد ملک معاشی بحران کا شکار ہو جاتا ہے اور ڈیفالٹ کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی بڑی وجہ معاشی پالیسیوں کا عدم تسلسل ہے اس اہم چیلنج سے نمٹنے کیلئے میثاق معیشت سائن کیا جانا ضروری ہے تاکہ حکومت کے اچھے کاموں کو جاری رکھا جاسکے اور صرف سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں اور معاشی پالیسیوں کو تبدیل نہ کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جی سی سی آئی گوجرانوالہ رانا محمد صدیق خان، سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی امتیاز صفدر وڑائچ کے علاوہ مقامی بزنس کمیونٹی کے نمائندگان اور عمائدین شہر بھی موجود تھے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی جانب سے بزنس کی فروغ کیلئے جائز مطالبات کو پورا کرنے میں اپنا کردار ادا کرونگا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سمیت گورنر آفس کا تمام عملہ بزنس کمیونٹی کے مسئلہ کے حل کیلئے ہمہ وقت موجود رہے گا۔

سول سروسز اکیڈمی لاہور میں زیر تربیت پروبیشنری آفیسرز کا سنٹرل ریسکیو 1122 اسٹیشن کا معلوماتی دورہ

ایمرجنسی آفیسر آپریشنز انجینئر تیمور حسن چٹھہ نے مہمانوں کو سروس کے بارے میں بریف کیا



گوجرانوالہ: (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سول سروسز اکیڈمی لاہور میں زیر تربیت پروبیشنری افسران نے سنٹرل ریسکیو 1122 اسٹیشن کا معلوماتی دورہ کیا۔ ایمرجنسی آفیسر آپریشنز انجینئر تیمور حسن چٹھہ نے مہمانوں کو سروس کے بارے میں بریف کیا۔ زیر تربیت پروبیشنری افسران نے ایمرجنسی ڈیسپلز، ریسکیو آلات کی ورکنگ، کمیونٹی ٹریننگ اور کنٹرول روم میں ایمرجنسی کالز اور ٹریکنگ سسٹم کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ تمام پروبیشنری افسران نے ریسکیو 1122 گوجرانوالہ کے کامیاب معلوماتی دورے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء سمیت تمام افسران اور ریسکیورز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مدد علی تحصیل لالیاں کا دورہ کیا

اساتذہ کی حاضری سمیت صفائی ستھرائی و دیگر انتظامی امور کو چیک کیا



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مدد علی تحصیل لالیاں کا دورہ کیا اور طبی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی کا جائزہ اور ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے بتایا کہ دوسرے مرحلہ میں اس مرکز صحت کی بہتری و بحالی کا کام شروع کرا دیا جائے گا اور اساتذہ کی حاضری سمیت صفائی ستھرائی و دیگر انتظامی امور کو چیک کیا۔ انہوں نے کلاس رومز کا بھی دورہ کیا، سکول میں اساتذہ کی کمی، واٹ واش و دیگر مسائل کے حل کیلئے متعلقہ ڈپٹی ڈی ای او کو بہتری کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بنیادی مرکز صحت موضع سانگرہ سادات تحصیل لالیاں کا بھی دورہ کیا اور طبی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی کا جائزہ اور ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے بتایا کہ دوسرے مرحلہ میں اس مرکز صحت کی بہتری و بحالی کا کام شروع کرا دیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود ہیلتھ اتھارٹی کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ اس مہم کے دوران پولیو مہم کے مسنگ بچوں کو بھی کور کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے 30 روزہ بگ کیچ مہم کا افتتاح کر دیا

5 سال سے کم عمر بچوں کو ویکسی نیشن کی جائیگی: ڈاکٹر اسلم چوہدری



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کے ہمراہ ضلع سیالکوٹ میں 30 روزہ بگ کیچ اپ مہم کے سیکینڈ فیز کا افتتاح کر دیا، بنیادی مرکز صحت میں افتتاح کے بعد ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے والدین نے اپیل کی کہ وہ 15 مارچ تک جاری مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر اپنے تمام ایسے لاڈلے بچوں کو 12 بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکہ جات جو سی وجہ سے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس مکمل نہیں کر سکے وہ مسنگ حفاظتی ٹیکوں کو لگوا کر بچوں کو بیماریوں سے محفوظ بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ صحت حکومت پنجاب حفاظتی ٹیکہ جات کے توسیعی پروگرام کے تحت روٹین میں 12 بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکہ جات 2 سال تک لگائی جاتی ہے تاہم کرونا سمیت دیگر وجوہات کی وجہ سے بہت سارے بچے ڈیفالٹ ہو چکے ہیں جس کو کور کرنے کیلئے حکومت پنجاب نے زیرو لوسک ہیرو مہم کا آغاز کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود ہیلتھ اتھارٹی کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ اس مہم کے دوران پولیو مہم کے مسنگ بچوں کو بھی کور کیا جائے۔

ملک ناظم علی رشتہ ازدواج سے منسلک

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سماجی سیاسی شخصیت ملک ناظم علی رشتہ ازدواج سے منسلک دعوت ولیمہ کی تقریب سیاسی اجتماع میں تبدیل تقریب گزشتہ روز نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی جس میں چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ شاہد یوسف صدر میاں محمد معظم نواز نائب صدر ظہیر ارشد مغل اور جنرل سیکرٹری محمد صاحب ولید اٹھوال سیاسی رہنماؤں عرفان بھٹی سلمان چیمہ دانش اسحاق علی رضا عبداللہ امین اعظم شریف ہمایوں بلوچ سمیت معززین علاقہ نے شرکت کی اور دولہا کو شادی کی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

شفیق پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کے کپتان منتخب ہونے پر ان کے اعزاز میں بلدیہ دیپالپور افس میں شاندار تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ کرام ربانی/قوت) پاکستان فیڈریشن شوٹنگ والی بال ٹیم دیپالپور نام کا نام روشن کرنے والی شخصیات استاد نذیر احمد ریحمہ نبیال میں بنگلہ دیش، انڈیا میں شاندار کارکردگی دکھائی تحصیل دیپالپور کے نوجوان سعد شفیق پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کے کپتان منتخب ہونے پر ان کے اعزاز میں بلدیہ دیپالپور افس میں شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا ایپکا یونین کے صدر میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں، چیف آفیسر بلدیہ میاں فاروق ارشاد کلاسن، ہیڈ کلرک حاجی نواز کھوکھر، چوہدری سائر علی خال، پرویز عاجز، سینئر صحافیوں رانا عرفان منیر صدر نیشنل پریس کلب، رشید احمد پراچہ، مظہر علی بھٹی جنرل سیکرٹری اتحاد پریس کلب دیپالپور راؤ عمر حیات اور صدر دیپالپور پریس کلب چوہدری عامر نذیر کمبوہ سمیت معززین علاقہ نے بھرپور شاندار استقبال کیا کیا مالا پہنائی گئی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا

پریس کلب شیخوپورہ کو سیل کئے جانے کے خلاف صحافی برادری کا احتجاج جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کو سیل کئے جانے کے خلاف صحافی برادری کا احتجاج جاری ہے پریس کلب کے باہر لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں بدھ کے روز بھی صحافیوں کی بڑی تعداد نے احتجاج ریکارڈ کروایا اس موقع پر وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، صدر مبشر حسن بٹ، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، گروپ لیڈر رانا محمد عثمان، سابق صدر رانا محمد سرور، یوسف سعید کھوکھر، جاوید معراج، رانا محمد اکرم، ا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

عالمی بینک کا پاکستان کے معاشی اصلاحاتی پروگرام پر اظہارِ اطمینان

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قرضوں کی بجائے سرمایہ کاری اور شراکت داری ہماری ترجیح ہے۔ وفد کے سربراہ نے پاکستان کے جاری اصلاحاتی پروگرام پر عملدرآمد کی تعریف کی اور کہا کہ حکومت کے جاری اصلاحات کے پروگرام کے مثبت نتائج موصول ہو رہے ہیں جو خوش آئند امر ہے۔ وزیرِ اعظم کی قیادت میں پاکستان کی معاشی اصلاحات کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ وفد نے حکومت کے توانائی، صنعت و برآمدات، نجکاری، محصولات و دیگر شعبوں میں اصلاحاتی اقدامات کو سراہا۔ ورلڈ بینک کے 9 ایگزیکٹو ڈائریکٹرز پاکستان کے دورے پر ہیں اور وہ ورلڈ بینک میں دنیا کے مختلف ممالک کے پورٹ فولیو کے نگران ہیں۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے وفد سے ملاقات میں ملکی معیشت، جاری اصلاحاتی عمل اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے اہم نکات پر گفتگو کی گئی۔ وزیرِ اعظم نے واضح کیا کہ پاکستان کی ترجیح قرضوں کے حصول کے بجائے سرمایہ کاری اور شراکت داری ہے، اور ادارہ جاتی و معاشی اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ عالمی بینک کے تعاون سے 40 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا عندیہ بھی ایک خوش آئند خبر ہے، جس میں 20 ارب ڈالر سماجی شعبوں جبکہ 20 ارب ڈالر نجی شعبے کی ترقی کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ اقدامات معاشی استحکام کے لیے بلاشبہ ایک مثبت پیش رفت ہیں۔ وزیرِ اعظم کا کہنا تھا کہ معیشت درست سمت میں گامزن ہے، برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافہ ہو رہا ہے، اور شرح سود میں کمی کے باعث سرمایہ کاری کے مواقع میں بہتری آ رہی ہے۔ علاوہ ازیں، بجلی کے شعبے میں اصلاحات، شفافیت کے فروغ اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومتی کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔ عالمی بینک گزشتہ سات دہائیوں سے پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا آ رہا ہے۔ 2022 کے سیلاب کے دوران بھی عالمی بینک نے متاثرہ افراد کی بھرپور معاونت کی، جس کی وزیراعظم نے خاص طور پر ستائش کی۔ حالیہ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (CPF) کے تحت پاکستان میں 40 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ایک امید افزا قدم ہے، جس سے تعلیم، صحت، نوجوانوں کی ترقی اور دیگر سماجی شعبوں میں بہتری متوقع ہے۔ تاہم، یہ سرمایہ کاری اور اصلاحات اسی وقت ثمر آور ثابت ہوں گی جب ان کے ثمرات عوام تک پہنچیں گے۔ نجی شعبے میں 20 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری یقیناً اقتصادی سرگرمیوں میں تیزی لانے کا سبب بنے گی، لیکن اس کے لیے پالیسیوں کا تسلسل، شفافیت اور سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنا ناگزیر ہوگا۔ اگرچہ حکومت کی معاشی اصلاحات کی سمت درست دکھائی دیتی ہے اور وزیراعظم نے مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آنے کی نوید بھی سنائی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی کی مشکلات میں خاطر خواہ کمی نہیں آ سکی۔ روزمرہ اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں اضافہ اور قوتِ خرید میں کمی اب بھی عوام کی مشکلات کو بڑھا رہی ہے۔ ایسی صورتحال میں جبکہ عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، پارلیمنٹیرینز کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کا بل منظور ہونا عوامی سطح پر ایک منفی تاثر پیدا کر رہا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب عام آدمی ریلیف کی امید لگائے بیٹھا ہے، عوامی نمائندوں کی تنخواہیں 2 لاکھ 18 ہزار سے بڑھا کر 5 لاکھ 19 ہزار کرنا یہ سوال پیدا کرتا ہے کہ کیا یہی وقت تھا ایسے فیصلوں کے لیے؟ عوام یہ توقع رکھتے ہیں کہ اگر حکومتی نمائندے اپنی تنخواہوں میں اضافے کی منظوری دیتے ہیں تو انہیں عوام کو بھی اسی تناسب سے ریلیف فراہم کرنا چاہیے۔ اس تناسب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنا سردست حکومت کے لیے ممکن نہیں ہے تاہم کچھ نہ کچھ تو عوام کے لیے کیا ہی جا سکتا ہے۔ وہ بجلی اور پیٹرولیم کی قیمتوں میں کمی کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے۔ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ کرپشن معاشی تباہی مہنگائی بدترین تبدیلی کی سوغاتیں ہیں۔ ان کا اشارہ آج کی اپوزیشن جماعت کی طرف ہے جو اپریل 2022 تک پونے چار سال اقتدار میں رہی تھی۔ ماضی کے ماتم کی بجائے اب نئی سوچ اور نئے عزم و ارادے کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خود انحصاری کی طرف سفر کے آغاز کا عہد کیا ہے۔ اشرافیہ کی طرف سے قربانی دی جائے تو یہ سفر جلد کامیابی سے ہمکنار ہو سکتا ہے۔ معاشی استحکام کے لیے سرمایہ کاری، برآمدات اور صنعتی و زرعی شعبوں کی ترقی ناگزیر ہے۔ تاہم، یہ ترقی اسی وقت پائیدار ثابت ہوگی جب اس کے فوائد عوام کی زندگیوں میں بہتری کی صورت میں نظر آئیں گے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ مہنگائی میں کمی کے دعووں کو عملی شکل دے اور عام آدمی کے لیے ریلیف پیکجز، روزگار کے مواقع اور سماجی تحفظ کے منصوبوں پر زیادہ توجہ دے۔ سیاسی جھگڑوں اور عدم استحکام سے نکل کر معاشی ترقی کی راہ میں یکجہتی اور تسلسل وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے قرضوں کے بجائے سرمایہ کاری کی پالیسی ایک مثبت سوچ کی عکاسی کرتی ہے، لیکن اس پالیسی کے تحت حاصل ہونے والے فوائد کو نچلی سطح تک پہنچانے کے لیے جامع اور مستقل حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ حکومت اگر واقعی معاشی بہتری کے ثمرات عوام تک پہنچانے میں کامیاب ہوگئی تو نہ صرف عوام کا اعتماد بحال ہوگا بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوگا، اور پاکستان ایک مضبوط اور مستحکم معیشت کی راہ پر گامزن ہو سکے گا۔

معاشرت اور معیشت اور اخلاقی دیوالیہ پن

پاکستان کا قیام جب عمل میں لایا گیا تو اُس وقت ایک ہی مطالبہ تھا کہ پاکستان میں قران وسنت کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ لیکن آٹھ دہائیاں ہونیکو آئی ہیں۔ حکمران اشرافیہ نے ستانوے فیصد عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ جب کسی معاشرے میں بددیانتی، رشوت، اور حرام خوری عام ہو جائے تو وہ معاشرہ رفتہ رفتہ زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگر حکومتی سطح پر انصاف کا فقدان ہو اور حکام عوام کی فلاح کی بجائے اپنے مفادات کو ترجیح دیں تو وہ معاشرتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ پاکستان میں اس وقت یہ مسائل اپنے عروج پر ہیں اور ان کے اثرات پورے معاشرتی ڈھانچے پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ معاشرتی انصاف کی کمی، حکومتی اداروں میں بدعنوانی، اور عوامی وسائل کا غلط استعمال اس بات کا غماز ہے کہ ملک کو ایک مضبوط اور ایماندار حکومت کی ضرورت ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بددیانتی، رشوت اور ظلم کے خلاف سخت الفاظ میں منع کیا ہے: "جو لوگ لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں وہ بے شک بڑا ظلم کرتے ہیں۔" (سورۃ آل عمران، 3: 161) یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ لوگوں کا مال ناحق طریقے سے حاصل کرنا اور ان کے حقوق کی پامالی کرنا اللہ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ اسلام میں معاشرتی انصاف اور برابری کا پرچار کیا گیا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے حکمرانوں کو خود کو بددیانتی سے بچانا ضروری ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے بھی بددیانتی اور رشوت کے بارے میں سخت مؤقف اختیار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص رشوت لیتا ہے اور جسے رشوت دی جاتی ہے دونوں جہنم کی آگ میں ہیں۔" یہ حدیث ہمیں بتاتی ہے کہ رشوت کی تمام صورتیں قابلِ نفرت اور حرام ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ عدل وانصاف کی اہمیت کو اجاگر کیا اور یہ سکھایا کہ حکمرانوں کو عوام کے حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے۔ قدیم معاشروں میں بھی رشوت اور بددیانتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ یونان کی اشتمیز کی جمہوریت میں بھی رشوت اور بددیانتی کی موجودگی نے اسے کمزور کر دیا تھا۔ ارسطو نے کہا تھا: "حکومت عوام کے اعتماد پر قائم ہوتی ہے، اور جب یہ اعتماد ٹوٹ جائے تو ریاست کا وجود خطرے میں پڑ جاتا ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی موجودگی کی وجہ سے عوام کا حکومت پر سے اعتماد کم ہو رہا ہے۔ ژاں ژاک روسو نے کہا: "حکومت کا سب سے بڑا فریضہ عوام کی خدمت ہے، اور اگر وہ عوام کے حقوق کا تحفظ نہیں کرتی تو اس حکومت کا کوئی جواز نہیں ہوتا۔" پاکستان میں بدعنوانی کے اثرات عوامی حقوق کی پامالی کی صورت میں ظاہر ہو رہے ہیں۔ تھامس ہابز نے کہا: "اگر حکمران ناانصافی کو فروغ دیں، تو ریاست جنگل کے قانون میں تبدیل ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بدعنوانی نے پورے ریاستی نظام کو عدم استحکام کی طرف دھکیل دیا ہے۔ نکولومیکاولی کا کہنا تھا: "ایمانداری اور سیاست اکثر ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں، لیکن جب حکمران دیانت دار ہوں تو ریاست مضبوط ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی وجہ سے سیاست اور حکومتی نظام کا اخلاقی اعتبار متاثر ہو چکا ہے۔ ایڈم اسمتھ نے کہا: "بدعنوانی معیشت کو دیمک کی طرح چاٹ کر کھوکھلا کر دیتی ہے۔" پاکستان کی معیشت بدعنوانی کی وجہ سے کمزور ہو چکی ہے اور اس کی بحالی کے لیے اصلاحات ضروری ہیں۔ پاکستان میں بددیانتی اور رشوت ستانی کی موجودگی نے پورے معاشرتی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے۔ حکومتی اہلکاروں کی بدعنوانی کی وجہ سے عوامی وسائل کا صحیح استعمال نہیں ہو رہا اور عوام کا حکومت پر اعتماد کم ہو چکا ہے۔ محکمہ پولیس، الیکشن کمیشن، اور دیگر ریاستی ادارے کرپشن کا شکار ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے عوام کا ان اداروں سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ تاریخ اور فلسفہ سے حاصل کردہ سبق یہ ہے کہ بددیانتی اور رشوت کا خاتمہ تب ہی ممکن ہے جب حکومتی سطح پر ایمانداری اور احتساب کو فروغ دیا جائے۔ اگر حکمران عوام کے حقوق کا تحفظ کریں اور اپنی ذاتی مفادات کو ترک کر کے قوم کے مفاد میں کام کریں، تو معاشرتی بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔ حضرت عمرؓ کا قول "اگر دریائے فرات کے کنارے کوئی کتا بھی بھوکا مر گیا تو میں اس کا جواب دہ ہوں" ہمیں بتاتا ہے کہ حکمرانوں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہو، تو معاشرتی انصاف قائم ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں بھی اگر حکومتی سطح پر ایمانداری اور انصاف کو فروغ دیا جائے، تو رشوت اور بددیانتی کے خاتمے کے لیے راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ پاکستان میں رشوت، بددیانتی اور حرام خوری کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ ہر فرد اپنے کردار کو بہتر بنائے، حکومتی اداروں میں اصلاحات کی جائیں اور معاشرتی انصاف کو فروغ دیا جائے۔ جب ہر فرد اپنی ذاتی و اجتماعی ذمہ داریوں کو سمجھے گا، تو معاشرتی بہتری ممکن ہو گی اور پاکستان ایک مضبوط اور خوشحال معاشرتی نظام کی جانب بڑھ سکے گا۔ پاکستان کا قیام جب عمل میں لایا گیا تو اُس وقت ایک ہی مطالبہ تھا کہ پاکستان میں قران و سنت کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ لیکن آٹھ دہائیاں ہونیکو آئی ہیں۔ حکمران اشرافیہ نے ستانوے فیصد عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ جب کسی معاشرے میں بددیانتی، رشوت، اور حرام خوری عام ہو جائے تو وہ معاشرہ رفتہ رفتہ زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگر حکومتی سطح پر انصاف کا فقدان ہو اور حکام عوام کی فلاح کی بجائے اپنے مفادات کو ترجیح دیں تو وہ معاشرتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ پاکستان میں اس وقت یہ مسائل اپنے عروج پر ہیں اور ان کے اثرات پورے معاشرتی ڈھانچے پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ معاشرتی انصاف کی کمی، حکومتی اداروں میں بدعنوانی، اور عوامی وسائل کا غلط استعمال اس بات کا غماز ہے کہ ملک کو ایک مضبوط اور ایماندار حکومت کی ضرورت ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بددیانتی، رشوت اور ظلم کے خلاف سخت الفاظ میں منع کیا ہے: "جو لوگ لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں وہ بے شک بڑا ظلم کرتے ہیں۔" (سورۃ آل عمران، 3: 161) یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ لوگوں کا مال ناحق طریقے سے حاصل کرنا اور ان کے حقوق کی پامالی کرنا اللہ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ اسلام میں معاشرتی انصاف اور برابری کا پرچار کیا گیا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے حکمرانوں کو خود کو بددیانتی سے بچانا ضروری ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے بھی بددیانتی اور رشوت کے بارے میں سخت مؤقف اختیار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص رشوت لیتا ہے اور جسے رشوت دی جاتی ہے دونوں جہنم کی آگ میں ہیں۔" یہ حدیث ہمیں بتاتی ہے کہ رشوت کی تمام صورتیں قابلِ نفرت اور حرام ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ عدل وانصاف کی اہمیت کو اجاگر کیا اور یہ سکھایا کہ حکمرانوں کو عوام کے حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے۔ قدیم معاشروں میں بھی رشوت اور بددیانتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ یونان کی اشتمیز کی جمہوریت میں بھی رشوت اور بددیانتی کی موجودگی نے اسے کمزور کر دیا تھا۔ ارسطو نے کہا تھا: "حکومت عوام کے اعتماد پر قائم ہوتی ہے، اور جب یہ اعتماد ٹوٹ جائے تو ریاست کا وجود خطرے میں پڑ جاتا ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی موجودگی کی وجہ سے عوام کا حکومت پر سے اعتماد کم ہو رہا ہے۔ ژاں ژاک روسو نے کہا: "حکومت کا سب سے بڑا فریضہ عوام کی خدمت ہے، اور اگر وہ عوام کے حقوق کا تحفظ نہیں کرتی تو اس حکومت کا کوئی جواز نہیں ہوتا۔" پاکستان میں بدعنوانی کے اثرات عوامی حقوق کی پامالی کی صورت میں ظاہر ہو رہے ہیں۔ تھامس ہابز نے کہا: "اگر حکمران ناانصافی کو فروغ دیں، تو ریاست جنگل کے قانون میں تبدیل ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بدعنوانی نے پورے ریاستی نظام کو عدم استحکام کی طرف دھکیل دیا ہے۔ نکولومیکاولی کا کہنا تھا: "ایمانداری اور سیاست اکثر ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں، لیکن جب حکمران دیانت دار ہوں تو ریاست مضبوط ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی وجہ سے سیاست اور حکومتی نظام کا اخلاقی اعتبار متاثر ہو چکا ہے۔ ایڈم اسمتھ نے کہا: "بدعنوانی معیشت کو دیمک کی طرح چاٹ کر کھوکھلا کر دیتی ہے۔" پاکستان کی معیشت بدعنوانی کی وجہ سے کمزور ہو چکی ہے اور اس کی بحالی کے لیے اصلاحات ضروری ہیں۔ پاکستان میں بددیانتی اور رشوت ستانی کی موجودگی نے پورے معاشرتی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے۔ حکومتی اہلکاروں کی بدعنوانی کی وجہ سے عوامی وسائل کا صحیح استعمال نہیں ہو رہا اور عوام کا حکومت پر اعتماد کم ہو چکا ہے۔ محکمہ پولیس، الیکشن کمیشن، اور دیگر ریاستی ادارے کرپشن کا شکار ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے عوام کا ان اداروں سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ تاریخ اور فلسفہ سے حاصل کردہ سبق یہ ہے کہ بددیانتی اور رشوت کا خاتمہ تب ہی ممکن ہے جب حکومتی سطح پر ایمانداری اور احتساب کو فروغ دیا جائے۔ اگر حکمران عوام کے حقوق کا تحفظ کریں اور اپنی ذاتی مفادات کو ترک کر کے قوم کے مفاد میں کام کریں، تو معاشرتی بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔ حضرت عمرؓ کا قول "اگر دریائے فرات کے کنارے کوئی کتا بھی بھوکا مر گیا تو میں اس کا جواب دہ ہوں" ہمیں بتاتا ہے کہ حکمرانوں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہو، تو معاشرتی انصاف قائم ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں بھی اگر حکومتی سطح پر ایمانداری اور انصاف کو فروغ دیا جائے، تو رشوت اور بددیانتی کے خاتمے کے لیے راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ پاکستان میں رشوت، بددیانتی اور حرام خوری کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ ہر فرد اپنے کردار کو بہتر بنائے، حکومتی اداروں میں اصلاحات کی جائیں اور معاشرتی انصاف کو فروغ دیا جائے۔ جب ہر فرد اپنی ذاتی و اجتماعی ذمہ داریوں کو سمجھے گا، تو معاشرتی بہتری ممکن ہو گی اور پاکستان ایک مضبوط اور خوشحال معاشرتی نظام کی جانب بڑھ سکے گا۔ پاکستان کا قیام جب عمل میں لایا گیا تو اُس وقت ایک ہی مطالبہ تھا کہ پاکستان میں قران و سنت کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ لیکن آٹھ دہائیاں ہونیکو آئی ہیں۔ حکمران اشرافیہ نے ستانوے فیصد عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ جب کسی معاشرے میں بددیانتی، رشوت، اور حرام خوری عام ہو جائے تو وہ معاشرہ رفتہ رفتہ زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگر حکومتی سطح پر انصاف کا فقدان ہو اور حکام عوام کی فلاح کی بجائے اپنے مفادات کو ترجیح دیں تو وہ معاشرتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ پاکستان میں اس وقت یہ مسائل اپنے عروج پر ہیں اور ان کے اثرات پورے معاشرتی ڈھانچے پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ معاشرتی انصاف کی کمی، حکومتی اداروں میں بدعنوانی، اور عوامی وسائل کا غلط استعمال اس بات کا غماز ہے کہ ملک کو ایک مضبوط اور ایماندار حکومت کی ضرورت ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بددیانتی، رشوت اور ظلم کے خلاف سخت الفاظ میں منع کیا ہے: "جو لوگ لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں وہ بے شک بڑا ظلم کرتے ہیں۔" (سورۃ آل عمران، 3: 161) یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ لوگوں کا مال ناحق طریقے سے حاصل کرنا اور ان کے حقوق کی پامالی کرنا اللہ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ اسلام میں معاشرتی انصاف اور برابری کا پرچار کیا گیا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے حکمرانوں کو خود کو بددیانتی سے بچانا ضروری ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے بھی بددیانتی اور رشوت کے بارے میں سخت مؤقف اختیار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص رشوت لیتا ہے اور جسے رشوت دی جاتی ہے دونوں جہنم کی آگ میں ہیں۔" یہ حدیث ہمیں بتاتی ہے کہ رشوت کی تمام صورتیں قابلِ نفرت اور حرام ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ عدل وانصاف کی اہمیت کو اجاگر کیا اور یہ سکھایا کہ حکمرانوں کو عوام کے حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے۔ قدیم معاشروں میں بھی رشوت اور بددیانتی فساد کا سبب بنتی ہیں۔ یونان کی اشتمیز کی جمہوریت میں بھی رشوت اور بددیانتی کی موجودگی نے اسے کمزور کر دیا تھا۔ ارسطو نے کہا تھا: "حکومت عوام کے اعتماد پر قائم ہوتی ہے، اور جب یہ اعتماد ٹوٹ جائے تو ریاست کا وجود خطرے میں پڑ جاتا ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی موجودگی کی وجہ سے عوام کا حکومت پر سے اعتماد کم ہو رہا ہے۔ ژاں ژاک روسو نے کہا: "حکومت کا سب سے بڑا فریضہ عوام کی خدمت ہے، اور اگر وہ عوام کے حقوق کا تحفظ نہیں کرتی تو اس حکومت کا کوئی جواز نہیں ہوتا۔" پاکستان میں بدعنوانی کے اثرات عوامی حقوق کی پامالی کی صورت میں ظاہر ہو رہے ہیں۔ تھامس ہابز نے کہا: "اگر حکمران ناانصافی کو فروغ دیں، تو ریاست جنگل کے قانون میں تبدیل ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بدعنوانی نے پورے ریاستی نظام کو عدم استحکام کی طرف دھکیل دیا ہے۔ نکولومیکاولی کا کہنا تھا: "ایمانداری اور سیاست اکثر ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں، لیکن جب حکمران دیانت دار ہوں تو ریاست مضبوط ہو جاتی ہے۔" پاکستان میں بددیانتی کی وجہ سے سیاست اور حکومتی نظام کا اخلاقی اعتبار متاثر ہو چکا ہے۔ ایڈم اسمتھ نے کہا: "بدعنوانی معیشت کو دیمک کی طرح چاٹ کر کھوکھلا کر دیتی ہے۔" پاکستان کی معیشت بدعنوانی کی وجہ سے کمزور ہو چکی ہے اور اس کی بحالی کے لیے اصلاحات ضروری ہیں۔ پاکستان میں بددیانتی اور رشوت ستانی کی موجودگی نے پورے معاشرتی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے۔ حکومتی اہلکاروں کی بدعنوانی کی وجہ سے عوامی وسائل کا صحیح استعمال نہیں ہو رہا اور عوام کا حکومت پر اعتماد کم ہو چکا ہے۔ محکمہ پولیس، الیکشن کمیشن، اور دیگر ریاستی ادارے کرپشن کا شکار ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے عوام کا ان اداروں سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ تاریخ اور فلسفہ سے حاصل کردہ سبق یہ ہے کہ بددیانتی اور رشوت کا خاتمہ تب ہی ممکن ہے جب حکومتی سطح پر ایمانداری اور احتساب کو فروغ دیا جائے۔ اگر حکمران عوام کے حقوق کا تحفظ کریں اور اپنی ذاتی مفادات کو ترک کر کے قوم کے مفاد میں کام کریں، تو معاشرتی بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔ حضرت عمرؓ کا قول "اگر دریائے فرات کے کنارے کوئی کتا بھی بھوکا مر گیا تو میں اس کا جواب دہ ہوں" ہمیں بتاتا ہے کہ حکمرانوں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہو، تو معاشرتی انصاف قائم ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں بھی اگر حکومتی سطح پر ایمانداری اور انصاف کو فروغ دیا جائے تو



فرمان الٰہی! ہر شئے اپنے اصل کیجانب گامزن ہے

قارئین کرام جدید دنیا کے انسان کو سہولتوں کا اسیر اور قدرت سے دور کہا جائے تو جھوٹ نہ ہوگا۔ جدید گیجٹس ، روبوٹ ، مشینری و آلات نے قدرتی نظام کو بدل کے رکھ دیا ہے۔ وہ زرعی شعبہ ہو یا صنعتی شعبہ مواصلاتی نظام ہو یا پھر انسانی اجسام کی تیاری و مصنوعی زہانتوں کا فروغ اور بنی نوع انسان و دنیا کیلئے مہلک ایٹمی و کیمیائی ہتھیار روح کے سوا شاید ہر شئے حضرت انسان آج بنا چکا۔ آج کچھ غور و خوض ماحول کے حوالہ سے کیا جائے۔ کبھی سوچا کہ اندھیری راتوں میں جگنو و بلبل کی کہانی کیا ہوئی کدھر گیا جگنو ہم سے کیوں روٹھ چکے قدرتی مناظر و انسان دوست خشرات الارض۔ قارئین کرام جگنو کہاں گئے پوری تحریر پڑھنا بہت مزہ آئے گا جب ہم بچپن میں رات کو سو رہے ہوتے تو جگنو ہمارے گھروں میں آتے ہم دیکھ کر فوراً ہی ان کے پیچھے بھاگ پڑتے شور مچا دیتے جگنو ، جگنو چھوٹے بہن بھائی بڑے بہن بھائیوں کو کہتے پکڑ دو اور ہمیں ماں باپ منع کرتے کہ نہیں پکڑنا مر جائیں گے گناہ ملے گا۔ کچھ بچے پکڑ کر بوتلوں میں ڈالتے اور لائٹوں کی طرح بوتل میں روشنی ہوتی ایسا لگتا جیسے اندر لائٹیں لگائی گئی ہیں۔ کبھی ہم ٹی وی دیکھ رہے ہوتے تھے یا ماں باپ سے کہانیاں سن رہے ہوتے تھے اچانک کہیں سے جگنو کی روشنی نظر آتی تو ہم ڈرامہ/کہانیاں چھوڑ کر ان کے پیچھے بھاگ پڑتے تھے کیونکہ ہم گاؤں میں رہتے تھے بجلی



بھی کہیں کہیں ہوا کرتی تھی زیادہ اندھیرے کی وجہ سے دور سے جگنو کی لائیٹ سے پتہ چل جاتا تھا کہ جگنو آ رہا ہے شام کے بعد ہی تھوڑے بہت جگنو نکلنا شروع ہو جاتے تھے رات کے اندھیرے کو جگنو رنگ بھر دیتے تھے اور چارپائیوں کے پاس کبھی اوپر سے گزر جاتے ہم دیکھتے اور انہیں پکڑنے کی کوشش کرتے تو سوچنے کی بات ہے کہ پہلے بہت زیادہ جگنو تھے اب کیوں نہیں دیکھنے کو ملتے وجہ آخر پہ لکھی گئی ہے۔ جب ہم اپنے بزرگوں سے پوچھتے تھے یہ کیا چیز ہے تو وہ سادہ لوگ تھے سادہ زمانہ تھا بس ہمیں ٹالنے کے لیے یہی کہہ دیتے کہ یہ آپ کے دادا کی روح ہے دادی کی روح ہے یا جو فوت شدگان ہوتے تھے ان کے بارے میں کہہ دیتے تھے کہ ان کی روحیں ہیں ان کو پکڑنا نہیں گناہ ملتا ہے تو اس بات کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں کسی نا کسی دیہات میں ابھی بھی ہیں جہاں نہری زمینیں ہیں نہروں کے کناروں پر گرمیوں میں بہت کم تعداد میں نظر آتے ہیں اب ان کی ختم ہونے کی وجہ کھیتوں پر زہ۔ ریلے سپرے اور زہریلی ادویات کا استعمال وغیرہ ہیں جس کی وجہ سے قدرتی خوبصورتی بھی ختم ہو گئی ان کی وجہ سے جگنو ، تتلیاں اور کافی سارے خوبصورت حشرات ختم ہو گئے ہیں۔ انسان نے اپنے فائدے کا سوچ کر قدرتی ماحول خود خراب کر دیا دوسرے چرند و پرند کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کا بھی نقصان کیا ہے انسان کو اپنے ساتھ ساتھ قدرتی ماحول اور ماحول میں رہنے والے مختلف جانداروں کا بھی خیال کرنا چاہیے کہ قرآن مجید میں تمام کائناتوں مخلوقات و موجودات کا یکتا اللہ کا فرمان ہے کہ بیشک ہر شئے اپنے اصل کی طرف گامزن ہے۔

سندھ کے ارکان کا سکھر، کراچی موٹروے کیلئے فنڈز فراہمی کا مطالبہ

تحریر: وقار عباسی

ایوان زیریں کا اجلاس ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی میر مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤ؟س میں منعقد ہوا، سندھ سے تعلق رکھنے والے متعدد ارکان نے سکھر تا کراچی موٹروے کے لیے فنڈز کی فراہمی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ یہ انتہائی اہم منصوبہ ہے حکومت کو اس کی فنڈنگ کرنا چاہئے۔ عالیہ کامران نے یونیورسٹیوں کی مالی مشکلات کے حوالے سے ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔ پیپلز پارٹی نے ایوان میں وزراء ؒ کی عدم موجودگی کے معاملے کو پھر ایوان میں زیر بحث لایا بلکہ پی پی کی جانب سے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد 2007ء ؒ میں ترامیم پیش کیں' ترامیم سید رفیع اللہ نے پیش کیں جس کے بعد ڈپٹی کمشنر نے ترامیم متعلقہ کمیٹی کو ریفر کردیں۔





لاہور: ہارس اینڈ کیٹل شو کی مناسبت سے جیلانی پارک میں پی ایچ اے کے زیر اہتمام کبڈی میچ کھیلا جا رہا ہے۔ (فوٹو این این آئی)

لاہور: ہارس اینڈ کیٹل شو کی مناسبت سے جیلانی پارک میں پی ایچ اے کے زیر اہتمام کبڈی میچ کھیلا جا رہا ہے

غلطیوں سے سیکھ رہے، چیمپئنز ٹرافی میں بہترین کھیل پیش کرینگے، محمد رضوان

ٹیم سے توقعات رکھنی چاہئیں، ہمارے پاس اچھے کھلاڑی ہیں، جو کمی ہے وہ بھی دور ہو جائے گی

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ غلطیوں سے سیکھ رہے ہیں، چیمپئنز ٹرافی میں بہترین کھیل پیش کریں گے، ٹیم سے توقعات رکھنی چاہئیں، ہمارے پاس اچھے کھلاڑی ہیں، جو کمی ہے وہ بھی دور ہو جائے گی، نیوزی لینڈ کے خلاف بابر اعظم ہی اوپننگ کریں گے، حارث رؤف مکمل فٹ ہے انشاللہ میچ کھیلے گا۔ نیشنل سٹیڈیم کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کپتان محمد رضوان کا کہنا تھا کہ ٹرائی سیریز کے فائنل میں نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے خود بیٹنگ کی تاکہ ہمیں اپنی غلطیاں نظر آئیں، ہمیں پتا چلے کہ ہم کہاں کھڑے ہیں، ہم نے پچھلے میچوں سے بہت کچھ سیکھا کوشش کریں گے آج وہ غلطیاں نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سی چیزیں ہماری اوپر نیچے ہیں، ہمیں ابھی بہت ساری چیزوں میں بہتری لانی ہے، ہمیں بہادری، تکنیک اور محنت سے کھیلنا ہوگا، ہم سے ایک سے دو فیصد کے فرق سے میچز جا رہے ہیں، ہم سے آخر میں جا کر کچھ نہ کچھ کمی رہ جاتی ہے، میچ میں کمی بیشی پوری کرنے کے کوشش کر رہے ہیں۔ محمد رضوان کا کہنا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی میں کچھ مختلف کرنے کی کوشش نہیں کی، میچ ہاتھ سے نہ نکلے اس پر کام کر رہے ہیں، ٹیم جیت کے لئے پرعزم ہے، چیمپئنز ٹرافی میں بہترین کھیل پیش کریں گے، بحیثیت کپتان اس وقت خوشی ہوتی ہے جب ٹیم کی پرفارمنس سے جیت ہوتی ہے، ہم سینئر کھلاڑی ہیں ذمہ داری لینی چاہیے۔ قومی ٹیم کے کپتان نے کہا کہ حارث رؤف فٹ ہیں اور پریکٹس سیشن میں باؤلنگ کر رہے ہیں، اوپننگ کے لئے ٹیم میں آپشنز موجود ہیں، بابر اعظم ٹیکنیکل پلیئر ہیں وہ ہی اوپن کریں گے، صرف میں اور بابر ہی نہیں بلکہ سب چاہتے ہیں ٹائٹل جیتیں، ہمارے ہاتھ میں جو ہے وہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ محمد رضوان کا مزید کہنا تھا کہ آئی سی سی کا ایونٹ پوری قوم کو انجوائے کرنا چاہیے، سٹیڈیمز ریکارڈ مدت میں بنے ہیں، چیمپئنز ٹرافی ہم پہلے بھی جیتے ہوئے ہیں، ٹائٹل کا دفاع کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے، ٹیسٹ میں بھی نمبر ون بنے، کوئی شک نہیں پاکستان نے ماضی میں بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم سے توقعات رکھنی چاہئیں، ہمارے پاس اچھے کھلاڑی ہیں، جو کمی ہے وہ بھی دور ہو جائے گی۔ چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی ملنا خوشی کی بات ہے، 29 سال بعد پاکستان آئی سی سی ایونٹ کی میزبانی کر رہا ہے، اس طویل عرصے میں پاکستان کو کامیابیاں بھی ملی ہیں۔ خوشی ہوتی ہے جب ٹیم کی مشترکہ کوشش سے میچ میں کامیاب ہو۔



کرسٹیانو رونالڈو اکیڈمی کی UEFA چیمپئنز لیگ فٹ بال میچ کے موقع پر اسپورٹنگ CP اور Borussia Dortmund کے درمیان #42 مورٹن ہجلمند ایک ترتیبی سیشن میں شرکت کر رہے ہیں

پاکستان ٹیم کو تینوں شعبوں میں پرفارم کرنا پڑیگا، شاہد آفریدی

ٹرائنگولر سیریز میں ہم نے بڑی غلطیاں کیں ہیں، چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان ٹیم کو تینوں شعبوں میں پرفارم کرنا پڑیگا، سابق کپتان

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ ٹرائنگولر سیریز میں ہم نے بڑی غلطیاں کیں ہیں، چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان ٹیم کو تینوں شعبوں میں پرفارم کرنا پڑیگا۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹیم کو گڈ لک کے بجائے کہا جائے ''میک یور اون لک''، پاکستان کرکٹ بورڈ کو بہت مبارکباد، سب کو مبارکباد، دوبارہ رونقیں بحال ہوئیں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے کھلاڑی مہمان نوازی کی تعریف کر رہے ہیں، تمام ٹیموں کو بہت اچھی سکیورٹی دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیوزی لینڈ کیخلاف ٹرائنگولر سیریز میں ہم نے بڑی غلطیاں کی ہیں، اب وہ موقع نہیں دو چیزیں ٹھیک کیں، فیلڈنگ ٹھیک نہیں کی، پاکستان ٹیم کو تینوں شعبوں میں پرفارم کرنا پڑیگا۔ سب کو مبارکباد، دوبارہ رونقیں بحال ہوئیں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے کھلاڑی مہمان نوازی کی تعریف کر رہے ہیں، تمام ٹیموں کو بہت اچھی سکیورٹی دی جا رہی ہے۔ ٹرائنگولر سیریز میں ہم نے بڑی غلطیاں کیں ہیں' سابق کپتان

آل رائونڈر محمد نبی کی اپنے بیٹے کیساتھ افغان ٹیم میں کھیلنے کی خواہش

لاہور (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر محمد نبی اپنے بیٹے کے ساتھ قومی ٹیم میں کھیلنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 40 سالہ محمد نبی کا چیمپئنز ٹرافی کے بعد ون ڈے فارمیٹ سے ریٹائر ہونے کا امکان ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران محمد نبی نے کہا کہ شاید یہ میرے آخری ون ڈے میچز نہ ہوں، میں شاید کم ون ڈے میچز کھیلوں گا اور نوجوانوں کو مواقع فراہم کروں گا۔ محمد نبی نے کہا کہ میں نے سینئر کھلاڑیوں سے بات کی ہے، میں شاید بہت ہی اہم میچز کھیلوں اور شاید نہیں بھی، یہ میری فٹنس پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا بیٹا اپنے اہداف خود بنائے، اگر آپ بہترین کرکٹر بننا چاہتے ہیں تو آپ کو سخت محنت کرنی ہوگی، 50 یا 60 رنز بنانا کافی نہیں، آپ کو 100 سے زیادہ اسکور کرنا ہوگا۔ محمد نبی نے کہا کہ اپنے بیٹے کو مشورہ دیتا رہتا ہوں تاکہ اسے اعتماد دلایا جا سکے، میرا خواب ہے کہ ہم دونوں ٹیم میں ساتھ کھیلیں، امید ہے کہ ہم اسے پورا کر سکتے ہیں۔ محمد نبی نے کہا کہ میرا بیٹا محنتی ہے اور اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے، میں بھی اسے اور زیادہ محنت کرنے پر زور دیتا ہوں۔ واضح رہے کہ محمد نبی کے بیٹے کا نام حسن عیسیٰ خیل ہے۔

نیوزی لینڈ کے لوکی فرگوسن بھی چیمپئنز ٹرافی سے باہر

ویلنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر لوکی فرگوسن آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گئے اس حوالے سے نیوزی لینڈ کرکٹ نے بتایا کہ میڈیکل پینل نے طے کیا ہے کہ فرگوسن چیمپئنز ٹرافی کے لیے فٹ نہیں ہو پائیں گے۔ نیوزی لینڈ کے اسکواڈ میں لوکی فرگوسن کی جگہ کائل جیمیسن کو شامل کر لیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر بین سیئرز آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے تھے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق بین سیئرز ہیم اسٹرنگ انجری کے باعث ٹورنامنٹ سے باہر ہوئے ہیں، انہیں بدھ کو کراچی میں ٹریننگ سیشن کے دوران انجری ہوئی تھی۔ یاد رہے کہ پاکستان کے صائم ایوب اور بھارت کے جسپریت بمراہ بھی انجری کے باعث ایونٹ سے باہر ہو چکے ہیں جبکہ آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک ذاتی وجوہ کی بناء پر میگا ایونٹ سے باہر ہوئے ہیں۔ افغان اسپنرز ایم غضنفر بھی فٹنس مسائل کی وجہ سے ٹیم کو دستیاب نہیں ہوں گے جبکہ جنوبی افریقا کو فاسٹ بولر اینرک نورکیا کی خدمات حاصل نہیں ہوں گی۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ 19 فروری سے 9 مارچ تک پاکستان کی میزبانی میں کھیلا جائے گا۔

چیمپئنز ٹرافی 2025، کیا پاکستان خرچ کیا گیا پیسہ واپس نکال پائے گا؟

چیمپئنز ٹرافی، بھارتی کرکٹرز کو 'ایک شرط' کیساتھ اہلیہ کو ساتھ رکھنے کی اجازت

نئی دہلی/دبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے کرکٹرز کو اہلیہ اور اہلِ خانہ کو غیر ملکی دوروں پر ساتھ نہ رکھنے کی پالیسی پر معمولی سا یوٹرن لے لیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرکٹرز کو چیمپئنز ٹرافی کے دوران ایک شرط کے ساتھ اپنی بیویوں اور اہلِ خانہ کو ساتھ رکھنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ اس سے قبل یہ بات سامنے آئی تھی کہ چیمپئنز ٹرافی میں بھارتی ٹیم بغیر فیملیز کے جائے گی اور کوئی کھلاڑی اپنے ساتھ فیملی نہیں لے جائے گا۔ بھارتی بورڈ کی کھلاڑیوں کی فیملی پالیسی کے مطابق 45 دن سے زیادہ کے ٹور کے دوران کھلاڑیوں کے ساتھ 2 ہفتے تک فیملی رہ سکتی ہے۔ بی سی سی آئی نے نئی فیملی پالیسی آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے بعد بنائی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ نے کرکٹرز کو اہلیہ اور اہلِ خانہ کو غیر ملکی دوروں پر ساتھ نہ رکھنے کی پالیسی پر ایک شرط کے ساتھ معمولی سا یوٹرن لیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بی سی سی آئی نے کھلاڑیوں کی بیویوں اور اہلِ خانہ کو چیمپئنز ٹرافی کے دوران دبئی میں ساتھ جانے کی اجازت دے دی ہے لیکن اس کے لیے ایک سخت شرط رکھی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کھلاڑیوں کو اپنے خاندان کے افراد کو صرف ایک میچ کے لیے ساتھ رکھنے کی اجازت دی گئی ہے اور اس حوالے سے کھلاڑیوں کو آپس میں مشورہ کر کے بورڈ کو بتانے کا آپشن دیا گیا ہے۔



اس تصویر میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور اسرائیلی وزیر اعظم بن یامین نتن یاہو پریس کانفرنس کرتے ہوئے) اے ایف پی(

میزبانی حاصل کرنے کے بعد ملکی معیشت کو ایونٹ سے براہ راست اور بالواسطہ فوائد پہنچنے کی توقع

لاہور (این این آئی) پاکستان کی جانب سے چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی حاصل کرنے کے بعد ملکی معیشت کو اس ایونٹ سے براہ راست اور بالواسطہ فوائد پہنچنے کی توقع ہے۔ اگرچہ اس ٹورنامنٹ سے پاکستان کی وسیع معاشی مشکلات مکمل طور پر حل نہیں ہوں گی، لیکن اس سے ملکی کرکٹ معیشت، سیاحت اور مقامی کاروبار کو فروغ ملے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے لیے اسٹیڈیمز کی تزئین و آرائش اور دیگر انتظامات پر تقریباً 40 ملین ڈالر (تقریباً 11 ارب پاکستانی روپے) خرچ کیے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری زیادہ تر لاہور، کراچی اور راولپنڈی کے اسٹیڈیمز کو عالمی معیار کے مطابق اپ گریڈ کرنے کے لیے کی گئی ہے، تاکہ غیر ملکی ٹیموں اور شائقین کے لیے بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ پی سی بی کو اس ایونٹ سے تین بڑے ذرائع سے آمدنی ہونے کی توقع ہے۔ پہلی ہوسٹنگ اور شراکتی فیس ہے، آئی سی سی کی جانب سے پی سی بی کو چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے عوض 6 ملین ڈالر (تقریباً 1.65 ارب پاکستانی روپے) ملیں گے۔ دوسرا مالی فائدہ ٹکٹوں کی فروخت سے ہوگا، ایونٹ کے دوران ہزاروں شائقین اسٹیڈیمز کا رخ کریں گے، جس سے اندازہ ہے کہ پی سی بی کو 2 سے 3 ملین ڈالر تک اضافی آمدنی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح براڈ کاسٹ رائٹس اور اسپانسر شپ بھی ہیں، جن کے تحت ٹی وی نشریات، اسپانسر شپ اور



لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے زیر اہتمام سپورٹس گالا میں بیڈمنٹن کھیل رہے ہیں

لاہور: ہارس اینڈ کیٹل شو کی مناسبت سے جیلانی پارک میں پی ایچ اے کے زیر اہتمام کبڈی میچ کھیلا جا رہا ہے





واشنگٹن، ڈی سی میں وائٹ ہاس کے اوول آفس میں ایک ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کرنے کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ریمارکس دے رہے ہیں

بھارت، رمضان المبارک میں مسلم سرکاری ملازمین کو بڑی سہولت

رمضان المبارک میں ملازمین دفاتر سے جلدی جانے کی اجازت ہو گی، حکام

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں تلنگانہ حکومت نے تمام مسلمان سرکاری ملازمین کو رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں 2 مارچ سے 31 مارچ تک شام 4 بجے دفاتر سے جلدی جانے کی اجازت دے دی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت نے اس سلسلے میں ایک سرکاری آرڈر جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ریاست تلنگانہ میں کام کرنے والے تمام مسلمان سرکاری ملازمین، اساتذہ، کنٹریکٹ اور آٹ سورسنگ ملازمین، کارپوریشنز اور پبلک سیکٹر کے ورکرس کو یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ مسلم ملازمین کو یہ سہولت رمضان المبارک کے باعث دی گئی ہے کہ تاکہ وہ روزہ افطار اور نماز تراویح کی ادائیگی میں آسانی محسوس کریں۔ حکومت نے رمضان میں دن کے وقت روزے کی حالت میں کام کرنے کی مشقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کے اوقات میں نرمی کردی ہے۔ دوسری جانب ہندو انتہا پسند بھارت میں مسلمان کی جان و مال کا تحفظ نہیں اب مودی سرکار بھارتی مسلمانوں کی قیمتی وقف جائیدادیں ہڑپ کرنا چاہتی ہے۔ مودی کی سربراہی میں بھارت کی ہندو انتہا پسند حکومت سے متعلق یہ انکشاف ہوا ہے کہ وہ وقف قانون کی آڑ لے کر مسلمانوں کی قیمتی وقف جائیدادوں کو ہڑپنا چاہتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت بھر میں مسلمانوں کی وقف جائیدادیں پھیلی ہوئی ہیں جو لگ بھگ 10 لاکھ ایکڑ پر محیط ہیں۔ ان میں زرعی زمینوں کے ساتھ شہری عمارتیں، دکانیں، مساجد، مزارات اور قبرستان بھی شامل ہیں اور ان کی موجودہ مالیت 14 ارب امریکی ڈالر) پاکستانی لگ بھگ 3920 ارب روپے (ہے۔ مسلمانوں نے یہ جائیدادیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کر رکھی ہیں اور ان سے ہونے والی آمدنی مدارس اور دیگر فلاحی مسلم اداروں کو ملتی ہے اور انہیں 32 وقف بورڈ چلاتے ہیں۔ تاہم مودی سرکار جس میں مسلمان خود کو بے بس محسوس کرتے ہیں اب وہ وقف بورڈ کو کرپشن کا گڑھ بتا کر وقف ایکٹ میں ترمیم کر رہی ہے۔ اس ترمیم کے تحت وقف جائیدادوں کا انتظام وقف بورڈز کے بجائے ریاستی حکومتوں کی تحویل میں آجائے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ مسلم مخالف اقدامات کے باعث مودی سرکار عالمی اور مسلم ممالک کے دباؤ میں ہے اور اس نے خصوصاً عرب ممالک سے تعلقات متاثر ہونے سے بچانے کے لیے قانون کی آڑ میں یہ گھناؤنا ہتھکنڈا اپنایا ہے۔

چین اور یورپ کثیر قطبی دنیا میں اہم قوتیں ہیں، چینی وزیر خارجہ

چین کے ساتھ تعمیری شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں، نائب وزیر اعظم آئرلینڈ

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے آئرلینڈ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سائمن ہیرس کے ساتھ بات چیت کی۔ منگل کے روز وانگ ای نے کہا کہ گزشتہ سال چین اور آئرلینڈ نے مشترکہ طور پر سفارتی تعلقات کے قیام کی 45 ویں سالگرہ منائی ہے۔ چینی وزیر اعظم لی چیانگ کے آئرلینڈ کے کامیاب دورے نے فریقین کی باہمی طور پر فائدہ مند اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی تحریک دی ہے۔ اس سال چین اور یورپی یونین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ چین اور یورپ کثیر قطبی دنیا میں اہم قوتیں ہیں، چین اقوام متحدہ کے اختیار کو برقرار رکھنے، یکطرفہ طرز عمل کے خلاف مزاحمت کرنے اور جنگل کے قانون کی مخالفت کے لیے تمام فریقوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔ سائمن ہیرس نے کہا کہ آئرلینڈ چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، ون چائنا پالیسی پر عمل پیرا ہے اور چین کے ساتھ مثبت اور تعمیری شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ آئرلینڈ کثیر الجہتی اور آزاد تجارت پر عمل پیرا ہے، ڈی کپلنگ سے متفق نہیں ہے، اور تعاون کو مضبوط بنانے اور مشترکہ طور پر عالمی

سانحہ سمجھوتا ایکسپریس کو 18 برس مکمل، متاثرین آج بھی انصاف سے محروم

نئی دہلی (این این آئی) سانحہ سمجھوتا ایکسپریس کو 18 برس بیت گئے لیکن متاثرین آج بھی انصاف سے محروم ہیں۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق فروری 2007 کو بھارتی ہندو انتہا پسندوں نے پاکستانی اور بھارتی شہریوں سمیت 68 بے گناہ افراد کو ریاستی دہشتگردی کا شکار بنایا۔ 18 فروری 2007 کو دہلی اور لاہور کے درمیان چلنے والی سمجھوتا ایکسپریس کو پانی پت کے مقام پر آگ لگا دی گئی۔ آگ میں 43 پاکستانی، 10 بھارتی شہری جبکہ 15 نامعلوم افراد سمیت 68 افراد ہلاک ہوئے۔ دہشت گردانہ حملے میں 10 پاکستانی اور 2 بھارتی زخمی بھی ہوئے۔ واقعے کے بعد راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے کارکن کمل چوہان کی گرفتاری نے بھارتی سازش کا بھانڈا پھوڑ دیا۔ تحقیقات کے دوران آر ایس ایس کے رہنما سوامی ایسمانند اور ان کے ساتھیوں کو جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے سمجھوتا ایکسپریس سانحے کا ذمہ دار ثابت کیا گیا۔ تحقیقات کے دوران بھارتی فوجی افسر لیفٹیننٹ کرنل پروہت کو بھی گرفتار کیا گیا۔ کرنل پروہت نے بھی سمجھوتا ایکسپریس سانحہ کی تحقیقات کے دوران خود اعتراف کیا کہ اس نے پاکستان اور بھارت کے درمیان مسلح تصادم شروع کرنے کے لیے ہندو دہشت گردوں کو تربیت دی۔

سعودی عرب کا رمضان آپریشنل پلان اور تراویح، تہجد کیلئے آئمہ کا اعلان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں رمضان آپریشنل پلان اور تراویح، تہجد کیلئے آئمہ کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ادارہ حرمین شریفین کے دینی امور کے سربراہ شیخ عبدالرحمان السدیس نے ماہ رمضان المبارک میں تروایح اور تہجد کی نمازوں کے لیے آئمہ کے ناموں کی منظوری جاری کی ہے۔ مسجد نبوی میں تروایح اور تہجد کی نمازوں کی امامت کیلئے شیخ ڈاکٹر عبدالمحسن القاسم، شیخ ڈاکٹر صالح البدیر، شیخ ڈاکٹر عبداللہ المعیجان، شیخ ڈاکٹر احمد بن طالب حمید، شیخ ڈاکٹر خالد المھنا، شیخ ڈاکٹر احمد الحذیفی، شیخ ڈاکٹر محمد البرجمی اور شیخ ڈاکٹر عبداللہ القرنی کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔ دریں اثنا مسجد الحرام کے لیے تروایح و آخری عشرے میں تہجد کی نمازوں کے لیے جن اماموں کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے ان میں شیخ عبداللہ الجھنی، شیخ الولید الشمسان، شیخ عبدالرحمان السدیس، شیخ یاسر الدوسری، شیخ ماہر المعیقلی، شیخ بدر التر کی، شیخ بندر بلیلہ شامل ہیں۔ قبل ازیں دینی امور کے سربراہ شیخ السدیس نے رمضان اپریشنل پلان کا اعلان کیا تھا جس کا مقصد ماہ مبارک میں حرمین شریفین کے پیغام کو دنیا بھر میں پہنچانا اور زائرین حرمین کی خدمت کو مقدم رکھنا ہے۔ اس حوالے سے دینی امور کے سربراہ نے مختلف اقدامات کی بھی منظوری دی جن پر ماہ مبارک کے دوران عمل کیا جائے گا۔ رمضان کی روحانی اہمیت کے حوالے سے زائرین کے لیے 120 سے زیادہ پروگرام متعارف کرائے گئے ہیں۔

اپنی سرزمین کی تعمیر نو اور حکومت کا قیام فلسطینیوں کا حق ہے، ریاض منصور

ہم سعودی عرب کے اصولی اور انتہائی طاقتور موقف کو سراہتے ہیں، فلسطینی مندوب

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ میں فلسطین کے مستقل نمائندے ریاض منصور نے کہا ہے کہ اپنی سرزمین کی تعمیر نو اور حکومت کا قیام فلسطینیوں کا حق ہے۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ میں فلسطین کے مستقل نمائندے ریاض منصور نے ایک انٹرویو کے دوران فلسطین کی خودمختاری کے لئے سعودی عرب کی حمایت کو سراہتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو پر جنگی جرائم کا الزام عائد اور غزہ کے مستقبل کے حوالے سے فلسطینی اتھارٹی کے کردار کا خاکہ بھی پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سعودی عرب کے اصولی اور انتہائی طاقتور موقف کو سراہتے ہیں، مجھے یقین ہے کہ عرب ممالک فلسطین کے حوالے سے سعودی عرب کے ساتھ ہیں تاکہ ان قوتوں کو پیچھے ہٹایا جائے جو فلسطینیوں کی قومی امنگوں کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو پر جنگی جرائم کا الزام عائد اور غزہ کے مستقبل کے حوالے سے فلسطینی اتھارٹی کے کردار کا خاکہ بھی پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سعودی عرب کے اصولی اور انتہائی طاقتور موقف کو سراہتے ہیں، مجھے یقین ہے ہم سعودی عرب کے اصولی اور انتہائی طاقتور موقف کو سراہتے ہیں

مینو سے میز تک، دنیا کو بیداری کی ضرورت ہے، رپورٹ

''یوکرین امن منصوبہ'' جسے ٹرمپ انتظامیہ نے اجلاس سے پہلے پیش کیا تھا اسے ''مینو اسٹائل ڈپلومیسی'' کا نمونہ کہا جا سکتا ہے،

بیجنگ (این این آئی) میونخ سیکیورٹی کانفرنس 2025 کی اختتامی تقریب میں کانفرنس کے چیئرمین کرسٹوف ہوئزگن نے روتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی نائب صدر وینس کی تقریر کے بعد ہمیں فکرمند ہونا پڑے گا کہ ہماری مشترکہ اقدار کی بنیاد اب مضبوط نہیں رہی۔ اس منظر نے یورپیوں کو، جو ہمیشہ یہ سوچتے تھے کہ وہ امریکہ کے ساتھ میز پر بیٹھ کر عالمی ضیافت سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، یہ احساس دلایا کہ ایسا لگتا ہے کہ انہیں امریکہ کی طرف سے میز سے باہر نکالا جا رہا ہے، جبکہ روس اور یوکرین کے درمیان تنازعے میں پھنسے ہوئے یوکرین نے پایا کہ وہ انکل سیم کی دعوت کے مینو پر صرف ایک پکوان ہیں۔ وینس کی ظالمانہ تقریر، اور ہوئزگن کے آنسوؤں نے یونی پولر دنیا کی سرد اور ظالمانہ فطرت کو بے نقاب کر دیا، امریکہ نے ہمیشہ دنیا کو ''مینو'' پر ایک پکوان کے طور پر دیکھا ہے جبکہ دوسرے ممالک ایک ساتھی یا ویٹر بن سکتے ہیں، یا انہیں کسی بھی وقت ذبح کر کے کھایا جا سکتا ہے۔ ''یوکرین امن منصوبہ'' جسے ٹرمپ انتظامیہ نے اجلاس سے پہلے پیش کیا تھا اسے ''مینو اسٹائل ڈپلومیسی'' کا نمونہ کہا جا سکتا ہے، یہ منصوبہ بظاہر ''جنگ بندی کا معاہدہ'' ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ دوسروں کے مفادات کی قیمت پر بڑی طاقتوں کے درمیان مفادات کی تقسیم ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ امریکہ "سیکیورٹی گارنٹی" کے نام پر یورپ پر اپنی دفاعی بالادستی پر کنٹرول برقرار رکھنا چاہتا ہے۔



11 جنوری 2025 کو غزہ میں تقسیم کی جانے والی امدادی خوراک وصول کرنے کے بعد ایک فلسطینی بچہ چہل قدمی کر رہا ہے) اے ایف پی(



بنگلورو میں نمائش ایرو انڈیا 2025 کے دوران فوجی اہلکار امریکی فضائیہ کے ایف 35-فضتھ جنریشن لڑاکا طیارے کا معائنہ کر رہے ہیں) اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں ''مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیل'' کا افتتاح کر دیا

افتتاحی تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈی ایچ اے ساہیوال ڈاکٹر سید اظہر عباس نقوی سمیت محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران کی شرکت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں ''مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیل'' کا افتتاح کر دیا ہے جو حفاظتی ٹیکوں کے توسیعی پروگرام (Expanded Program on Immunization) کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ یہ سیل عالمی ادارہ صحت (WHO) کے تعاون سے مکمل کیا گیا ہے اور ویکسینیشن مہم کی مؤثر نگرانی و بہتری کے لیے کام کرے گا۔ افتتاحی تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈی ایچ اے ساہیوال ڈاکٹر سید اظہر عباس نقوی سمیت محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سیل کے قیام سے ضلع میں حفاظتی ٹیکوں کی مہم مزید منظم اور مؤثر ہو جائے گی جس سے بچوں میں ویکسینیشن کی شرح میں اضافہ ہوگا اور مختلف بیماریوں کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کا تعاون حکومت کی صحت عامہ کے شعبے میں کاوشوں کو مزید تقویت دے گا اور عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مانیٹرنگ سیل کے ذریعے ویکسینیشن کے عمل کی مکمل نگرانی کی جائے گی اور ڈیٹا کو جدید طریقوں سے محفوظ کیا جائے گا تاکہ کسی بھی قسم کی کوتاہی کی فوری نشاندہی ممکن ہو سکے۔ افتتاح کے بعد ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے سیل کا دورہ کیا اور وہاں موجود سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سیل میں تعینات سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں تاکہ حکومت کے مقرر کردہ ویکسینیشن اہداف حاصل کیے جا سکیں۔

خوف خدا اور عشق رسول کے بغیر کوئی چارہ نہیں: سید غلام مرتضیٰ شاہ

سید غلام مجتبیٰ شاہ ایک مہینہ گوشہ نشین رہنے کے بعد روحانی اجتماع کا انعقاد

مسجد جمال مصطفیٰ اور مدرسہ فضل قرآن کی بنیاد رکھ دی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پیر سید غلام مرتضیٰ شاہ اور پیر سید غلام مجتبیٰ شاہ نے گول چکر میں مسجد جمال مصطفیٰ اور مدرسہ فضل قرآن کی بنیاد رکھ دی اجتماع میں معروف سماجی مذہبی شخصیت میاں شفاعت علی سیاسی رہنماؤں چوہدری عبیداللہ سہیول ایڈووکیٹ ملک محمد یوسف سابق ناظم نارنگ سٹی غلام عباس گجر سمیت پاکستان بھر سے ہزاروں عقیدت مندوں اور مریدین نے شرکت کی پیر سید غلام مجتبیٰ شاہ المعروف راؤ خان والی سرکار نارنگ منڈی میں ایک ماہ سے زائد گوشہ نشین رہے آخری روز روحانی اجتماع میں خطاب کرتے ہوئے پیر سید غلام مرتضیٰ شاہ کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو بیشمار موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ توبہ کر کے اللہ کی بارگاہ میں رجوع کر لے اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عشق ہی مسلمان اور غیر مسلم میں فرق واضح کرتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی صورت میں ہمارے لیے بہترین نمونہ موجود ہے میں آپ سب کو دعوت دیتا ہوں کہ آئیں دنیا کو چھوڑ کر اللہ کی طرف رجوع کریں اس کے احکامات کے مطابق زندگی گزار کر اس کا قرب حاصل کیا جا سکتا ہے اسی میں دنیا و آخرت کی بھلائی پوشیدہ ہے اس موقع پر لنگر کے وسیع انتظامات کئے گئے تھے۔

انسپکٹر اشرف بریار کوڈی ایس پی قیصر امین بٹ ایس ایچ او تھانہ کتوالی کاشف محمود بٹنے ریٹائرمنٹ پر پھولوں کی مالا پہنا کر الوداع کیا



کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق ضلع سیالکوٹ کے مایا ناز انسپکٹر اشرف بریار جو کہ ضلع بھر کے مختلف تھانہ جات میں بطور ایس ایچ او اپنے فرائض احسن طریقہ سے سر انجام دے چکے ہیں ریٹائرمنٹ کی فریذل تقریب سے منسوب ہو کر سابقہ ایس ایچ او تھانہ کتوالی کاشف محمود بٹ نے سیالکوٹ کے نجی ریسٹورنٹ گرین ایپل میں بہترین عشائیہ کا اہتمام کیا جس پر ریٹائرڈ انسپکٹر اشرف بریار نے ڈی ایس پی قیصر امین بٹ صاحب ایس ایچ او کاشف محمود بٹ اور چیئرمین شاہین میڈیا محمد اسلم نوشاہی کا دل کی اتھا گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

حضور محدث کبیر پاکستان کی سیاسی، مذہبی اور ملی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: قوسین حق رضوی

حضور محدث کبیر پاکستان نے ساری زندگی اتحاد امت کیلئے بھرپور جدوجہد کی آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریک ختم نبوت اور تحریک نظام مصطفیٰ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) حضور محدث کبیر پاکستان علامہ غلام رسول قادری رضوی کے سالانہ عرس کی اختتامی نشست سے خطاب کرتے ہوئے سجادہ نشین قوسین حق رضوی، علامہ محمد شفیق الرحمان، مولانا محمد ریاض کھرل نے خطاب کرتے ہوئے کہا حضور محدث کبیر پاکستان نے ساری زندگی اتحاد امت کیلئے بھرپور جدوجہد کی آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریک ختم نبوت اور تحریک نظام مصطفیٰ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ اور مریدین پوری دنیا میں خدمت اسلام میں مصروف عمل ہیں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی سیاسی، مذہبی اور ملی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انھوں نے مزید کہا اولیا اللہ کی محبت دونوں جہاں کی سعادت اور رضائے الٰہی پانے کا سبب ہے۔ اولیا کاملین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں بڑھتے ظلم اور نا انصافی کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ حضور سے سچی محبت اور اولیا کاملین کے نقش قدم پر چل کر ہی ہم اپنی دنیا و آخرت کو سنوار سکتے ہیں۔ اولیا کاملین کا دامن رحمت صرف دنیا میں ہی نہیں بلکہ نزع و قبر اور حشر میں بھی کام آتا ہے امت مسلمہ کی حالت اسلامی تعلیمات اور حضور ﷺ کی تعلیمات کے مطابق عمل پیرا ہو کر ہی بدلی جا سکتی ہے انبیا و صحابہ کے بعد دین حق کی روشنی کو دنیا میں پھیلانے کا کام جن برگزیدہ ہستیوں نے سرانجام دیا وہ فقرا کاملین و اولیائے کرام ہیں اولیا اللہ نے ہمیشہ مذہب و قومیت، رنگ و نسل اور ذات پات کی پابندیوں سے بالاتر ہو کر بلا تفریق اس پیغمبرانہ طریق کو جاری رکھا۔ بغیر مرشد کامل اکمل معرفت الٰہی اور عین الیقین سے حق الیقین کی منازل طے کرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ ان کی صحبت اختیار کرنیوالے کے دل کی دنیا بدل جاتی ہے سیرت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم قرب الٰہی کا بہترین ذریعہ ہے، اتحاد امہ بین المذاہب رواداری اور انسانیت کی داد رسی کا سرچشمہ عدل ہے اہل علم کو استحکام پاکستان عظمت رفتہ پانے کے لئے فعال کردار ادا کرنا چاہیے اسوہ رسول پاک ﷺ مکمل ضابطہ حیات ہے حضور اکرم ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے ہم دنیا کو جنت بنا سکتے ہیں ہمیں پیغام امن کا سفیر بننا ہوگا اور استحکام پاکستان تعلیمات اسلام کو اجاگر کرنے کیلئے پر امن بقائے باہمی سے رہنا چاہیے صلہ رحمی، بھائی چارہ، برداشت اور مساوات دین کے زریں اصول ہیں

جماعت اسلامی اپنے نظریے اور بیانیے کے ساتھ کھڑی ہے: فرید مکھیانہ

ملک کے اندر فارم 47 کی جعلی حکومت قائم، جو کہ عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی جھنگ فرید مکھیانہ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اپنے نظریے اور بیانیے کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملک کے اندر فارم 47 کی بنیاد پر جعلی حکومت قائم، جو کہ عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے۔ ہم عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے ہر سطح پر آواز اٹھائیں گے۔ حکومت کئے گئے معاہدے کی ایک ایک شق ہر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقات، اراکین اسمبلی، سول ملٹری بیوروکریسی اور ججز اپنی مراعات کے لیے ایک ہو گئے، عوام صحت، تعلیم سمیت بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، نوجوان اور پروفیشنلز مایوس ہو کر ملک سے بھاگ رہے ہیں، تنخواہ دار طبقہ انتہائی اذیت کا شکار ہے۔ جماعت اسلامی عوام کو حالات کے رحم و کرم پر تنہا نہیں چھوڑ سکتی۔ سب سیاسی جماعتیں اقتدار کو انجوائے کرنے میں مصروف ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے مالی بدعنوانی، ٹیکس چوری، حوالہ ہنڈی، سمگلنگ میں ملوث

چنیوٹ میں بی پی ایکسچینج ایپ کے ذریعے جوئے کا انکشاف بڑی تعداد میں شہری لوٹنے لگے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں بی پی ایکسچینج ایپ کے ذریعے جوئے کا انکشاف بڑی تعداد میں شہری لوٹنے لگے آر پی او فیصل آباد و ڈی پی او چنیوٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بی پی ایکسچینج ایپ کے ذریعے چنیوٹ کے شہری لوٹنے لگے بڑی تعداد میں نوجوان اور سادہ لوح لوگ لاکھوں روپے کی رقم کھو بیٹھے ایپ کے ذریعے شہریوں سے فراڈ کا نیا سلسلہ شروع ہونے پر شہری و سماجی تنظیموں کے افراد نے آئی جی پنجاب، آر پی او فیصل آباد سمیت دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایپ کے ذریعے ہونے والے جوئے کو روکا جائے اور اس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔

ڈسٹرکٹ ہاسپٹل انچارج ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی میڈیکل ایمرجنسی کا دورہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہاسپٹل انچارج ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی میڈیکل ایمرجنسی کا دورہ کر کے زیر علاج مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے محکمہ صحت کے میڈیکل ایمرجنسی ڈاکٹروں اور سٹاف کو ہدایات جاری کیں کہ صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ عوام کو بہتر سے بہتر علاج معالجہ فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی نے موقع پر ہسپتال کے انتظامی امور بارے بریفنگ لی اور علاج معالجہ کیلئے ادویات کے سٹاک کو چیک کیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز سمیت دیگر طبی عملہ کی حاضری کو سو فیصد یقینی بنانے اور صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے سمیت وارڈز اور رومز میں بیڈ شیٹس تبدیل کرنے اور واش رومز کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔

یس کلب چناب نگر کے نومنتخب نمائندگا کو سینئر صحافی رانا تجمل حسین کی مبارکباد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سینئر صحافی رانا تجمل حسین نے چناب پریس کلب چناب نگر کے نومنتخب صدر چوہدری شاہد اقبال بھٹہ، جنرل سیکرٹری محمد شکیل اور فنانس سیکرٹری ملک جاوید کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چناب نگر میں نومنتخب عہدیداران علاقائی مسائل کے حل اور صحافیوں کی فلاح بہبود کیلئے بھرپور اقدامات کریں گے۔



چین کے شہر ہانگ ژو کے شی شی قومی ویٹ لینڈ پارک میں روایتی ملبوسات پہنے سیاح بانس کی کشتی پر سوار آلو بخارے کے پھولوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ شنہوا

ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفیوں کے خلاف ملازمین کا جہلم پریس کلب کے باہر پرامن احتجاج

جہلم سمیت ملک بھر کے دیگر شہروں میں بھی یوٹیلٹی سٹورز ڈیلی ویجز ملازمین کا پرامن احتجاج اور مظاہرے کیے جا رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کے ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفیوں کے خلاف ملازمین کا جہلم پریس کلب کے باہر پرامن احتجاج مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر ڈیلی ویجز ملازمین بحال کرو کے نعرے درج تھے یونین رہنماؤں نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جہلم سمیت ملک بھر کے دیگر شہروں میں بھی یوٹیلٹی سٹورز ڈیلی ویجز ملازمین کا پرامن احتجاج اور مظاہرے کیے جا رہے ہیں یونین رہنماؤں کا کہنا تھا کہ اگر ڈیلی ویجز ملازمین کے مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے دھرنا دیا جائے گا۔ یوٹیلٹی اسٹورز ورکر یونین کے رہنماؤں نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم نو کے نام پر حکومت نے تین ہزار سے زائد ملازمین کو بلاوجہ برطرف کر دیا ہے، بلکی وجہ سے ملازمین شدید اضطراب کا شکار ہو چکے ہیں اور ان کی پریشانی میں مزید اضافہ ہو گیا ہے، ورکرز یونین کی جانب سے برطرفیوں کے خلاف عدالت سے رجوع کرنے کا بھی اعلان کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی برطرفیوں کے خلاف این آئی آر سی میں کیس بھی دائر کریں گے اور معزز عدالت سے حکم امتناع لیکر بھی رجوع کیا جائے گا۔

گیپکو کی پرائیوٹائزیشن کے خلاف ضلع بھر میں گیپکو کے ملازمین نے دفاتر کی تالہ بندی کرتے ہوئے مکمل ہڑتال کی اور کوئی کام نہ کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) گیپکو کی پرائیوٹائزیشن کے خلاف ضلع بھر میں گیپکو کے ملازمین نے دفاتر کی تالہ بندی کرتے ہوئے مکمل ہڑتال کی اور کوئی کام نہ کیا۔ ملازمین ہڑتال کرنے کے بعد واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر یونین کی کال پر گوجرانوالہ پہنچے۔ اس موقع پر یونین کے راہنماؤں عبدالرزاق مغل و دیگر نے کہا کہ جب تک انکے مطالبات تسلیم نہیں کئے جائیں گے۔ وہ بجلی کے بلز تقسیم نہیں کریں گے اور نہ ہی کوئی دوسرا کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گیپکو ایک نفع بخش ادارہ ہے جسے کوڑیوں کے حساب سے بیچنے کی تیاری کی جا رہی ہے اور یہ گیپکو ملازمین کا قتل عام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے ملازمین کے حقوق کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے۔

ٹھٹھی بہلول پور کے قریب دو نامعلوم مسلح افراد نے پچاس سالہ شخص پر فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کر دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ٹھٹھی بہلول پور کے قریب دو نامعلوم مسلح افراد نے پچاس سالہ شخص پر فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کر دیا جس کے بعد ملزمان فرار ہوئے۔ احمد علی ولد نزیر احمد سکنہ ڈنگ نیکو کارہ جا رہا تھا کہ اس پر دو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر اسے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کر دیا۔

چیئرمین ساہیوال بورڈ شعیب اقبال سید نے بورڈ کی نئی تعمیر ہونے والی عمارت کا افتتاح کر دیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) کمشنر ساہیوال ڈویژن / چیئرمین ساہیوال بورڈ شعیب اقبال سید نے بورڈ کی نئی تعمیر ہونے والی عمارت کا افتتاح کر دیا۔ 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم سے مکمل ہونے والی 3 منزلہ عمارت سے طلبہ و طالبات کو تمام سہولیات ایک ہی جگہ دستیاب ہونگی۔ افتتاحی تقریب میں ایس ای بلڈنگ ساہیوال ذوالفقار علی، ایکسین بلڈنگ شیخ محمد وٹو، اسسٹنٹ کمشنر جنرل رائے فیصل عمران اور سٹیٹ آفیسر بورڈ انجینئر سید قاسم احمد شاہ سمیت بورڈ ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کمشنر نے عمارت کے مختلف حصے دیکھے اور کام کے معیار کو سراہا۔ انہوں نے بورڈ ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ طلبہ و طالبات کے مسائل حل کرنے کو ترجیح دیں۔ اس سے پہلے اپنے خطبہ استقبالیہ میں سٹیٹ آفیسر انجینئر سید قاسم احمد شاہ نے نئی بلڈنگ کی تعمیر میں ذاتی دلچسپی لینے پر کمشنر شعیب اقبال سید کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ بورڈ ملازمین اپنی سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

مریضوں کو ادویات انکی دہلیز تک پہنچانے کیلئے اقدامات کی نگرانی

مریم خان کی ہدایت پر فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی مفت ادویات دہلیز تک فراہمی کے رجسٹریشن کاؤنٹرز میں اضافہ کر دیا گیا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے انقلابی پروگرام مفت دوا آپ کی دہلیز تک کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ڈویژنل انتظامیہ فیصل آباد نے مریضوں کو ادویات انکی دہلیز تک پہنچانے کیلئے اقدامات کی نگرانی شروع کر دی۔ کمشنر مریم خان کی ہدایت پر فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی مفت ادویات دہلیز تک فراہمی کے رجسٹریشن کاؤنٹرز میں اضافہ کر دیا گیا۔ ڈور سٹیپ پر مفت ادویات فراہمی کے رجسٹریشن کاؤنٹرز میں اضافہ زیادہ رش کے باعث کیا گیا کمشنر نے فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے دورہ کے دوران کاؤنٹر کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر، ایم ایس ڈاکٹر عامر نوید، ایگزیکٹو ڈائریکٹر حامد سعید ہمراہ تھے۔ کمشنر مریم خان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ آئندہ ماہ سے مریضوں کو انکی دہلیز پر ادویات کی فراہمی شروع کر دی جائیگی۔ ہسپتال آنے والے سیریس مریضوں کو فوری ادویات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہلیز تک ادویات فراہمی بارے آگاہی پینا فلیکسز نمایاں جگہ پر آویزاں ہونے چاہئیں۔ سرکاری ہیلتھ فیسلٹیز میں سروس ڈیلیوری کی بہتری اولین ترجیح ہے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات کے دوران چھ خواتین سمیت تیس افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات کے دوران چھ خواتین سمیت تیس افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 23 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 30 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 24 جبکہ خواتین کی تعداد 6 ہے۔ ان 30 زخمی افراد میں سے 13 افراد شدید جبکہ 17 افراد معمولی زخمی ہوئے۔ ریسکیو ٹیموں نے زخمی افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے چار سالہ بچہ شدید زخمی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے چار سالہ بچہ شدید زخمی تھانہ موترہ کے علاقہ اڈووال کے اسد اللہ کا چار سالہ بیٹا پیدل گھر آ رہا تھا کہ اسی دوران الیاس دودھی کا بیٹا اپنی موٹر سائیکل پر آیا جو انتہائی غفلت و لاپرواہی سے چلا رہا تھا اس نے بچے کو ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں بچہ شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

بتیس لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بتیس لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ڈسکہ کے مدثر نے ملزم رانا ایاز اور حمزہ نے ملزم نعیم کو 32 لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب انہوں نے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزمان نے ٹال مٹول کے بعد مقامی بینک کا بوگس چیک دے دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

پتوکی طالبہ سمیت دو طالبعلم اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی طالبہ سمیت دو طالبعلم اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی میں سرکاری دو کانوں کی غیر منصفانہ بولی اور کرایہ میں بے پناہ اضافے کے خلاف تاجر برادری سراپا احتجاج بن گئی انتظامیہ کے ظالمانہ اقدامات پر تاجر برادری نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئے، انتظامیہ کے خلاف نعرہ بازی، ظالمانہ اضافے کو واپس لیا جائے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی میں سرکاری دو کانوں کی غیر منصفانہ بولی اور کرایہ میں بے پناہ اضافے کے خلاف تاجر برادری سراپا احتجاج بن گئی انتظامیہ کے ظالمانہ اقدامات پر تاجر برادری نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئے، خواتین کی بڑی تعداد بھی تاجروں کے شانہ بشانہ احتجاج میں شریک ہوئی شرکاء کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی جانب سے سرکاری دو کانوں کے کرایہ میں بے پناہ اضافہ ظالمانہ اقدام ہے انتظامیہ قانون کے مطابق کرایہ میں اضافہ کرے ہم انتظامیہ کے اس ظالمانہ فیصلے کو نہیں مانتے اگر یہ فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو یہ احتجاج کا دائرہ کار وسیع کیا جائیگا جبکہ دوسری جانب انتظامیہ نے ایوب مارکیٹ کی 10 دو کانوں کی بولی کا اعلان کیا تو تاجروں نے شرکت نہ کی جس پر انتظامیہ کی جانب سے ایوب مارکیٹ کی دو کانوں کو سیل کر دیا گیا۔

پنجاب بھر میں ون ڈش کی خلاف ورزی کے واقعات پر وزیر اعلیٰ کا اظہار برہمی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جہلم سمیت پنجاب بھر میں ون ڈش کی خلاف ورزی کے واقعات پر شدید برہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا جہلم سمیت صوبے بھر میں ڈپٹی کمشنرز کو ون ڈش کی پابندی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے احکامات ون ڈش پر پابندی کا اطلاق میرج ہالز میرج گارڈنز مارکیز سمیت فارم ہاؤسز اور پرائیویٹ پراپرٹی میں شادی بیاہ کی تقریبات پر بھی لاگو ہو گا وزیر اعلیٰ پنجاب نے انتظامیہ کو اپنے اپنے اضلاع تحصیلوں کے علاقوں میں ون ڈش کی پابندی کی کڑی نگرانی کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔

ایس ایچ او حاجی پورہ سرمد فیاض نے ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

مقدمہ درج ملزمان گرفتار، مال مسروقہ برآمد کر کے تفتیش شروع

سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ایس ایچ او حاجی پورہ سرمد فیاض نے اپنی ٹیم کے ہمراہ جدید ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دوران واردات شہریوں سے لوٹی ہوئی رقم موبائل اور دیگر مال مسروقہ برآمد کر لیا۔ دو نگ ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ سیالکوٹ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ علاقہ تھانہ حاجی پورہ میں قاتل کھیل پتنگ بازی، جرائم پیشہ عناصر وغیر قانونی کاروائیوں میں ملوث نقص امن کا باعث بننے والے اور منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ شہریوں کیجانب سے کرائم کنٹرول کاروائیوں پر ایس ایچ او سرمد فیاض ان کی پولیس ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا گیا اہل علاقہ کا کہنا ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کیجانب سے گنجان شہری آبادی پر محیط حاجی پورہ تھانہ میں قابل پولیس آفیسر کی تعیناتی احسن عمل ہے

پنجاب پولیس میں بھرتی کے لئے دو ٹیسٹ کا انعقاد

چیئرمین پولیس ریکروٹمنٹ بورڈ ڈی آئی جی انوسٹی گیشن مانیٹرنگ انوسٹی گیشن نے جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دو ٹیسٹ بھرتی پنجاب پولیس کانسٹیبلان/لیڈی ضلع چنیوٹ میں چیئرمین پولیس ریکروٹمنٹ بورڈ ڈی آئی جی انوسٹی گیشن مانیٹرنگ انوسٹی گیشن برانچ پنجاب پنجاب محمد اظہر اکرم، ڈی پی او عبداللہ احمد اور ایس پی آئی اے بی سرگودھا ریجن عاصمہ رؤف کی زیر نگرانی دو ٹیسٹ کا عمل جاری، دو ٹے کے عمل کو شفاف بنانے کیلئے تمام امیدواروں کی بائیومیٹرک چیکنگ ✻ سی سی ٹی وی و ڈرون کیمرہ سے مانیٹرنگ، سٹارٹ پوائنٹ سے اینڈ پوائنٹ تک ویڈیو ریکارڈنگ کے ساتھ امیدواروں کا دو ٹیسٹ لیا جا رہا ہے دو ٹیسٹ میں کامیابی کیلئے میل امیدواروں کو ایک میل کا فاصلہ طے کرنے کیلئے سات منٹ کا ٹائم دیا گیا، بھرتی کا عمل 100 فیصد میرٹ کی بنیاد پر ہو گا، امیدوار اللہ تعالیٰ اور اپنی قابلیت پر بھروسہ رکھیں، ڈی آئی جی انوسٹی گیشن مانیٹرنگ امیدوار کسی کے بہکاوے میں ہرگز نہ آئیں شکایت کی صورت میں 03237543444 پر اطلاع دیں

مرکزی شاہراہ بند ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

شیر آباد محلہ، باغ روڈ، مبارک کالونی، حسن ٹاؤن اور قبرستان روڈ شامل ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سرگودھا روڈ بھاٹی پاس پر زیر تعمیر فلائی اوور کی وجہ سے مرکزی شاہراہ بند ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ٹریفک کو متبادل راستوں پر منتقل کر دیا گیا ہے، بس میں شیر آباد محلہ، باغ روڈ، مبارک کالونی، حسن ٹاؤن اور قبرستان روڈ شامل ہیں۔ تاہم، ان رہائشی علاقوں میں ہیوی ٹریفک اور مسافر گاڑیوں کی آمد و رفت نے عوام کے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ یہ علاقے گنجان آباد ہیں، جہاں بچوں اور بزرگوں کی آمد و رفت زیادہ ہوتی ہے، اور بھاری ٹریفک کے گزرنے سے کسی بھی وقت ناخوشگوار حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، ان سڑکوں پر شدید ٹریفک جام معمول بن چکا ہے، جس سے شہریوں کو روزمرہ کے کاموں میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور مبارک کالونی، باغ روڈ اور قبرستان روڈ پر ٹریفک اہلکار تعینات کریں

تھانہ کوٹ لدھا پولیس کی کاروائی: سیف عرف سیفو گینگ کے 05 ارکان پولیس کے شکنجے میں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیور) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کے احکامات کے پیش نظر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی نوشہرہ ورکاں ریحان ضیاء کی زیر نگرانی، ایس ایچ او تھانہ کوٹ لدھا سب انسپکٹر احمد بلال و دیگر ان پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ افسران کی ہدایت پر علاقہ میں سیف عرف سیفو چور گینگ کے 05 ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 05 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی، 01 عدد موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں سیف اللہ، اویس، غلام مرتضیٰ، منور اور رضیفہ شامل ہیں۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) جمعرات 20 فروری 2025ء

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں مگر اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سفید پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1

قیمتیں

زیر صدارت اقتصادی مشاورتی کونسل کا اجلاس ہوا، اجلاس میں کونسل ارکان نے حکومتی پالیسیوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا اور مختلف امور پر غور کیا، وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اقتصادی استحکام ہمارا وعدہ ہے، ہم کسی کی بھی دباؤ میں نہیں آئیں گے، ملک میں تجارت کے فروغ کی موجودہ استعداد سے فائدہ اٹھائیں گے، معاشی استحکام کوقائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے، ہماری برآمدات تین ارب ڈالر سے زائد ہیں، ہم نے ٹیکسٹائل برآمدات کو 25 ارب ڈالر تک لے جانا ہے، ہم نے ٹیکسٹائل کے لیے گیس کا پہلے سے اعلان کیا ہوا ہے، ہم نے ٹیکسٹائل کے لیے بجلی کا بھی اعلان کیا ہوا ہے، ہم نے ٹیکسٹائل کے لیے ٹیکس کا بھی اعلان کیا ہوا ہے، ہم نے ٹیکسٹائل کے لیے ہر چیز کا

روزنامہ ”قوت“ لاہور (8) جمعرات 20 فروری 2025ء

ہارٹ سرجری کروانے والے معصوم بچوں کی فہرست تیار کر لی گئی ہے، خواجہ سلمان رفیق

2 4 فروری کو برٹش وفد یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کا دورہ کرکے فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی روانہ ہو جائے گی

فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں ڈاکٹر رزاق اور ڈاکٹر ضیغم سے اس حوالہ سے مکمل کوارڈی نیشن ہو رہی ہے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محمد سکندانہ ڈیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، چیئرمین ڈبر ایلی ٹیوٹ برائے امراض قلب فیصل آباد ڈاکٹر رزاق اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فرخ جاوید، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر ثمینہ رشید، ڈائریکٹر ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر ثاقب ریاض